مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

اگست 2017ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

سیاسی پارٹیاں اور مشکلات سے بچنے کے صدقات

عمل قرآنی

جنات کی روحانی واردات

خطرناک کالی دیوی کی شکست

اسرار و رموز منازل قمر

اعمال اوج مریخ

اعمال چاند و سورج گرہن

اب کیا ہوگا.....؟ سیاسی منظر نامہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ



چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

لوح شرف مشتری

پرائز بانڈ' لکی ڈراء اور انعامی اسکیموں میں مفت کی دولت حاصل کرنا وراثتی جائیداد کا حصول کاروبار' فیکٹری ' کارخانہ کا فروخت' بیرون ملک سفر کی بندش کا خاتمہ' رزق میں خیر و برکت حاصل کرنے کیلئے لوح شرف مشتری سے فائدہ لے سکتے ہیں۔ لوح شرف مشتری کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بُک کروائیں۔

لوح شرف شمس

لوح شرف شمس کی برکت سے رزق کی تنگی' بے برکتی اور مالی پریشانی کا خاتمہ' جاہ حشمت بلندی مرتبہ' دشمنوں پر غلبہ' حصول مال و دولت' انعامی پرائز بانڈ میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے لوح شرف شمس سے فائدہ لے سکتے ہیں۔ لوح شرف شمس کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بُک کروائیں۔

لوح شرف زہرہ

تسخیر خلق' تسخیر خاص و عام تسخیر مستورات یا وہ افراد جو اپنی مرضی سے شادی کرنا چاہتے ہوں اور چند لوگ اس شادی سے ناخوش ہوں اُن کو راضی کرنے کیلئے اس کے علاوہ ڈاکٹر' وکیل اور دوکاندار حضرات شرف زہرہ کی لوح سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ لوح شرف زہرہ کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بُک کروائیں۔

تمام الواح چاہے کسی بھی ہدیہ کی ہوں ضرور کام کرتی ہیں۔ دھات اور لوازمات کے استعمال کی وجہ سے تمام لوگ کچھ تاخیر سے خاص لوح مناسب وقت پر اور بہت خاص لوح فوری اپنا اثر ظاہر کرتی ہے۔ جس طرح ہر انسان کی قابلیت، روحانی قوتیں اور جسمانی قوتیں ایک جیسی نہیں ہوتیں اسی طرح جس الواح پر جتنے اچھے لوازمات اور جتنی اچھی دھات استعمال کی جائے گی اس لوح میں اتنے ہی زیادہ تاثیر پائی جائے گی۔ جیسا کہ کاغذ پر تیار کردہ لوح کا اثر کاغذ جیسا ہوگا۔ تانبہ، چاندی یا کسی دوسری دھات پر تیار کردہ لوح کی تاثیر بھی ویسی ہوگی۔ خاص کلام خاص دھات پر کندہ کرنے سے خاص اثرات ظاہر کرتا ہے۔

ہدیہ الواح:- عام لوح 4200 خاص لوح 7200 بہت خاص لوح 9200

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 13 اگست 2017ء شمارہ نمبر 2

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

مجلس مشاورت
سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل
عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ
(ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس)
ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)۔ بابا صدف انبالوی، منظور علی سموں، ماسٹر شوکت علی بروہی
علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

لیگل ایڈوائزر
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
جنات کی روحانی واردات	3	عمل قرآنی	27
اب کیا ہوگا.....؟	7	ہوالشافی	28
اسرار و رموز منازل قمر	10	پھلوں کی افادیت	30
ستاروں کی چال	14	یہ ماہ کیسا رہیگا	33
اوقات اوج مریخ	16	نتائج حکومتی پرائز بانڈ قرعہ اندازی	39
چاند سورج گرہن	17	روزانہ کے لکی نمبر	40
زہرہ تربیع مشتری	18	اگست کے لکی نمبرات	41
اعمال گرہن	21	پیغامات	44
عمل نادرہ	24	آپ کی ڈاک	45
ادائیگی قرض	25	قلمی دوستی	47
محمد و آل محمد السلام کافیض	26	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720/- روپے مع ڈاک خرچ

آفس
ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آھستہ پابنہ کہ ملك سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَ دَالْمُزَّمِّل وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

ذیقعد، زکات سورۃ مزمل

سفید لباس زیب تن کریں اور عطر گلاب سے کمرہ کو معطر کردیں۔ سبز رنگ کی روشنی والا زیرو کا بلب روشن کریں۔ قبل اذان فجر 2 رکعت نماز نفل ادائیگی برائے زکات سورۃ مزمل ادا کی جائیگی۔ سورۃ مزمل کا ورد 11 بار اس طرح شروع کریں کہ ہر 1 بار پڑھنے کے بعد 14 مرتبہ (الحمد شریف) سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ اول و آخر درود مزمل 14 بار پڑھیں مدت عمل زکات 14 یوم ہے۔ بعد ادائیگی زکات درج بالا طریقہ سے بعد نماز فجر صرف 1 بار پڑھ لیا کریں۔

اس زکات مبارکہ کی برکت سے صاحب عمل کو تاحیات رزق کی کمی نہ ہوگی۔ صاحب عمل کے پاس روحانی و جسمانی کسی بھی قسم کے مریض آئے تو الحمد شریف مع بسم اللہ اس طرح تحریر کر کے مریض کو پینے کیلئے دیں کہ اول سورۃ مزمل کی پہلی 5 آیات تحریر کرے اور پھر الحمد شریف 5 دن تک مریض کو بلا ناغہ پلائیں۔ بحکم باری تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی اگر کسی کو رزق کی تنگی ہو تو درج بالا طریقہ سے سفید کاغذ پر سبز روشنائی یا زعفران کی سیاہی سے تحریر کر کے دیں ان شاءاللہ بے انتہا رزق حاصل ہوگا۔

جنات کی روحانی واردات

قسط 37

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

عبدالقیوم نامی ایک شخص جو کہ حلیہ سے مزدور لگتا تھا حاضر ہوا کہنے لگا حضور میں انتہائی پریشان کن حالات سے گزر رہا ہوں آج سے 6 ماہ قبل میرے مالی حالات بہت اچھے تھے اپنا کاروبار تھا بیٹی کی شادی گھوکی کی۔ اُس کے بعد سے حالات خراب ہونا شروع ہو گئے اب 2 مرلہ کے چھوٹے سے کرایہ کے مکان میں رہتا ہوں۔ محنت مزدوری کر کے گزارا کرتا ہوں۔ میری بیٹی کی شادی کے 4 ماہ بعد پُر اسرار واقعات رونما ہونا شروع ہو گئے جس کی ابتداء اس طرح ہوئی کے میرا داماد پہلے تو اچھا کاروبار کرتا تھا لیکن شادی کے 3 ماہ بعد اُس کا کاروبار ختم ہو گیا بے روزگار ہوا تو گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے۔ اپنے ماں باپ اور بہن بھائیوں کے ساتھ رہتا تھا اُس گھر کا واحد کفیل میرا داماد تھا لہذا معاشی تنگدستی کی وجہ سے گھر میں لڑائی جھگڑے بڑھ گئے۔ بیٹی کو اخراجات پورے نہ ملتے اُس کی ساس بھی آئے دن معاشی تنگ دستی کی وجہ سے پریشان رہتی۔ ان کے حالات بد سے بدتر ہوتے گئے۔ افلاس اور بیروزگاری، اللہ معاف کرے۔

دوسری جانب ہمارے گھر میں بھی اسی قسم کے حالات پیدا ہو گئے میرا بھی کاروبار ختم ہو گیا بیماریاں گھر میں داخل ہو گئیں۔ گھر کا ہر فرد امراض میں جکڑا رہتا پھر ایسا ہوا کہ ایک دن میں رات کھانا کھا رہا تھا کہ اس کھانے سے اچانک شدید بدبو آنا شروع ہو گئی۔ قسمت سے 15 دن کے بعد گوشت نصیب ہوا تھا پلیٹ میں رکھا ہوا سالن سیاہ ہو گیا یہ ہمارے لئے حیران کن بات ہوئی۔ پانی پینے لگا تو اس کا ذائقہ گندے نالے کے پانی جیسا تھا۔ کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کیا کریں؟

صبح اُٹھا تو چارپائی کے ایک حصہ پر آگ لگی ہوئی تھی رات بھر ڈراؤنی شکلیں منڈلاتی رہیں کبھی ایسا نہیں ہوا لیکن یہ رات تو نہایت پر اسرار گزری اس رات خود بخود پوری رات ہندوؤں کے بھجن کانوں میں بجتے رہے کبھی کسی دیوی کی شکل سامنے آتی لیکن رات 2 بار میں جاگنے پر مجبور ہو گیا خوف کے مارے آنکھ کھل گئی کہ جب دیکھتا ہوں کہ ایک سیاہ رنگ کی بھیانک چہرے والی عورت جس کی آنکھیں سرخ رنگ کی موٹی موٹی زبان سرخ رنگ کم از کم 6 انچ منہ سے باہر نکلی ہوئی گلے میں انسانی کھوپڑیوں کی مالا پہنی ہوئی تھی ہاتھ میں ترشول مجھے اس عورت سے نہایت خوف آیا وہ بار بار برچھی اور ترشول میری جانب کرتی اچانک اُس نے جب مجھ پر حملہ کرنا چاہا تو ڈر کے مارے میری آنکھ کھل گئی میں پسینہ میں شرابور تھا کمرہ سے وحشت اور خوف جھلک رہا تھا میری زوجہ میرے خوفزدہ ہو کر جاگ جانے سے نیند سے بیدار ہو گئی میں چاروں طرف اُس خوفناک چہرے کو تلاش کر رہا تھا دہشت سے کانپ رہا تھا مجھ سے پوچھا گیا کہ آخر کیا ہوا؟

میں کوئی جواب نہ دے پا رہا تھا۔ میری زوجہ کو جس قدر قرآن پاک کی چھوٹی بڑی جتنی سورتیں یاد تھیں وہ پڑھ کر دم کرتی رہی یہ رات کے 2 بجے کا وقت تھا سردیوں میں پسینہ کوئی مطابقت نہیں رکھتا تھا۔ میں بھی آیت الکرسی پڑھتے ہوئے دوبارہ سے سو گیا، رات خوف میں گزری تو دوسرے دن سیڑھیوں سے اچانک میرا پاؤں پھسلا میں سیڑھی کے آخری پائیدان پر آ گرا، سر میں چوٹ آئی مجھے واضح طور پر لگ رہا تھا کہ جیسے کسی نے اوپر سے دھکا دیا ہو۔ ابھی رات والا خوف ختم نہ ہوا تھا کہ ایک اور خوف مجھ پر مسلط ہو گیا اب میں چھت پر جانے سے کترا تا یا کہیں پر بھی مجھے سیڑھی سے جانا ہوتا تو مجھ پر وہی کیفیت جاری ہو جاتی کہ اب میں پھسل کر گر جاؤں گا۔

اپنے محلہ کے مولوی صاحب سے رابطہ کیا جنہوں نے کچھ پانی پڑھ کر دیا کہ گھر میں چھڑک دیا، یہ کرنا تھا کہ پر اسرار واقعات میں مزید اضافہ ہو گیا۔ بڑا بیٹا جو کہ کسی جگہ ملازمت کرتا تھا وہاں سے بھی اُس کو جواب ہو گیا اب ہمیں کھانے کے بھی لالے پڑ گئے موٹر سائیکل بیچ کر چند دن گزارا کیا اپنا کاروبار تو ختم ہو گیا تھا۔ ملازمت کی تلاش میں ہم دونوں اِدھر اُدھر پھرتے رہے بہت مشکل سے ایک شادی ہال میں ملازمت ملی ہمیں بہت شرم آ رہی تھی کیونکہ یہ کام ہمارے معیار کا نہیں تھا لیکن مجبوراً کرنا پڑا کہ کم از کم بچوں کو 2 وقت کا کھانا مل جائیگا۔ شادی کی تقریب سے جو بچا ہوا کھانا ہوتا ہم ملازمین میں برابر تقسیم کر دیا جاتا ایک رات سو رہا تھا کہ چھت سے کسی کے کودنے کی آواز آئی اور زور زور سے چلنے کی آواز نیچے تک محسوس ہوئی۔ یہ اتنے زیادہ محسوسات تھے کہ میری زوجہ اور میں اُٹھ کر بیٹھ گئے بیٹے کو جگایا اور ہم دوڑ کر چھت پر گئے کہ شاید کوئی چور آیا ہے اندھیری راتیں تھیں کچھ سمجھ نہ

آرہا تھا لیکن محسوس ہوا کہ وہی عورت ہماری چھت پر کھڑی ہے۔ خوف کے مارے ہم دونوں کے پسینے چھوٹ گئے پاؤں منوں وزنی ہو گئے اپنی جگہ سے نہ ہل پا رہے تھے زبانیں بند ہو گئیں ایسا محسوس ہوا کہ جیسا کہ دور سے آتی ہوئی آواز میں کوئی ہمیں پیغام دے رہا ہے کہ اپنی بیٹی کو طلاق دلوا کر اپنے گھر واپس لے آؤ اگر ایسا نہ کیا تو میں دونوں گھروں کو برباد کر دونگی اور یہ تمہارا مولوی میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا صبح اس کا بھی حشر دیکھ لینا میں تمہیں آخری موقع دے رہی ہوں۔ جب واپس کمرہ میں لوٹے تو بیوی نے پوچھا کہ کیا ہوا تو خوف کے مارے اُسے کچھ بھی نہ بتا سکے رات بھر وہی منتر اور بھجن ذہن میں گونجتے رہے کانوں میں آوازیں گردش کرتی رہی۔ صبح کا بے چینی سے انتظار تھا ہماری ڈیوٹی دن 11 بجے سے شروع ہوتی تھی 10 بجے اُٹھے مولوی صاحب کی خبر لینے کیلئے گئے پتہ چلا کہ مولوی صاحب ہسپتال میں زیر علاج ہیں صبح 8 بجے وہ کسی کام سے موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کار سے ایکسڈینٹ ہوا اور اُنکی دونوں ٹانگیں ٹوٹ گئی۔

یہ بات سنتے ہی مجھے اُس عورت کی رات والی بات یاد آ گئی پھر جس نے مولوی کا بتایا ہم اُس کے پاس اپنے مسئلہ کے حل کیلئے گئے مگر ہر ایک کے ساتھ اسی طرح کے واقعات پیش آتے گئے۔ میرے ایک دوست نے آپ کے بارے میں ذکر کیا جو کہ عرصہ دراز سے ماہنامہ تحفہ روحانیات کا مطالعہ کر رہا ہے اُس کے بقول کہ اُس نے اس ماہنامہ سے بہت روحانی علم سیکھا اب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوں جیسا آپ کا حکم ہو۔ اللہ کے واسطے ان خطرناک قوتوں سے ہماری جان چھڑوا دیں۔

بندہ احقر نے اُس کی تمام پریشانی اندرونی اور بیرونی کیفیت کا بغور جائزہ لیا عبدالقیوم بات دراصل یہ ہے کہ جو کالی عورت آپکو نظر آ رہی ہے وہ ہندو مذہب کی بہت بڑی اور طاقتور دیوی کالی ماتا ہے۔ یہ بہت طاقتور اور پُراسرار قوتوں کی مالک ہے اکثر ہندو تانترک اسکو جانوروں کی بھینٹ چڑھا کر اور اسکی پوجا پاٹ کر کے خوش کرتے ہیں اس کے بعد یہ ہندو لوگ چند سکوں کی خاطر کسی بھی شخص پر یا کسی گھر پر اسکو مسلط کر دیتے ہیں ابھی تک آپ کے معاملات اور حالات سُن کر یہی اندازہ ہوا اگر مجھے ایک گھنٹہ کا وقت دو تو مزید معلومات مل سکتیں ہیں۔ وہ شخص ایک گھنٹہ انتظار کرنے پر آمادہ ہو گیا کہنے لگا حضور اگر مجھے 10 گھنٹے بھی بٹھائیں گے تو میں راضی ہو ہاتھ جوڑ کر بندہ احقر کے پاؤں کی جانب ہاتھ بڑھانے لگا کہ چھو لے۔ بندہ نے چند قدم پیچھے ہٹ کر اُسے کھڑا کیا اور کہا کہ صرف اللہ کی ذات کے سامنے جھکا جاتا ہے۔ کسی بندہ میں اتنی طاقت نہیں کہ اُس کے سامنے جھکا جا سکے۔ اُسکی آنکھوں سے مسلسل آنسو بہہ رہے تھے۔ ہچکیاں بندھ گئیں۔ حضور مجھے اس عذاب سے کسی بھی طرح نجات دلوا دیں میں نے آپکو بہت مختصر واقعات بیان کئے جس عذاب اور پریشانی سے ہم گزر رہے ہیں میرا خدا بہتر جانتا ہے۔

بندہ احقر نے اپنے حجرہ خاص میں دو رکعت نماز نفل ادا کی، بارگاہ الٰہی میں دعا کی، الٰہی! تیری ذات بزرگ و برتر ہے تجھ سے بڑا کوئی طاقتور نہیں تجھ سے بڑا کوئی غالب نہیں تیری ذات ہے جو کہ عزت اور ذلت عطا کرتی ہے میری راہنمائی فرما، اپنے کلام پاک کے ذریعے اس شخص پر مسلط پراسرار قوتوں سے نجات دلوا دے اگر تو نجات نہ دلوائے گا تو کوئی ایسی طاقت نہیں کہ جو اس عذاب سے چھٹکارہ دلوائے۔ بے شک تیری ذات قوی و قابض ہے۔ حالت مراقبہ میں اس کا حل پتہ چلا۔

بندہ احقر نے اس شخص اور اہل خانہ کو حصار میں کیا تسلی دی کہ ان شاءاللہ بہت جلد اس پُراسرار قوت سے نجات مل جائیگی۔ بعد نماز مغرب بندہ احقر کو ذہنی دباؤ اور جھٹکے لگنا شروع ہو گئے یہ عجیب کیفیت تھی کہ کبھی دل کی دھڑکن زیادہ ہو جاتی اور کبھی اتنی کم کہ پسینے آنا شروع ہو جاتے۔ بند کمرہ میں زیادہ تعداد میں اگر بتیاں جلائی گئیں سورۃ مزمل 21 بار با آواز پڑھنا شروع کی اسی دوران اس دھواں میں خوفناک چہرے آنا شروع ہو گئے ان چہروں میں کئی بار وہی کالی دیوی نمودار ہوئی لیکن پرواہ کئے بغیر اپنا ورد مکمل کیا آخر میں 21 بار سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کا ورد با آواز کیا جب 12 تعداد ورد پوری ہوئی تو ایسا لگا کہ جیسے پوری زمین ہل رہی ہو خوف اور دہشت میں اضافہ ہو گیا لیکن کلام الٰہی کی برکت تھی کہ کوئی بھی قوت غالب نہ آ سکی۔ چونکہ رات بسر کرنی تھی اس لئے خود اور اہل خانہ کو حصار کیا۔ یقین تھا کہ رات کے وقت یہ قوتیں ضرور حملہ آور ہونگی۔ اس رات اُس کالے جادو سے متعلق کچھ انکشافات ہوئے صبح عبدالقیوم کو بلوایا گیا اُسے کہا کہ اپنی بیٹی کے سسرال میں گھر کے دائیں کونہ میں زمین کھدوائیں اُس جگہ پر ایک مورتی دفن ہے اُس کو نکلوائیں اس نے بتایا کہ حضور وہ لوگ ایسا نہیں کر سکتے اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں اپنے بیٹے کے ہمراہ گھوٹکی شہر چلا جاؤں کیونکہ میری بیٹی کا سسرال اس شہر میں آباد ہے بندہ احقر نے دونوں باپ بیٹا کو ایک ایک حفاظتی نقش دیا اور حفاظتی حصار خاص **استغفر اللہ یا اللہ یا قوی یا قابض یا حافظ یا حفیظ** ورد کرنے کیلئے دیا کہ رستہ میں جس قدر ہو سکے یہ کلام الٰہی ورد کرتے جائیں ان شاءاللہ بخیریت اپنی منزل پر پہنچ جائیں گے اور جو کام آپ کے ذمہ لگایا ہے اسے با آسانی انجام دے سکیں گے۔ اگلے روز صبح 10 بجے انہوں نے اطلاع دی کہ اس وقت ہم اُنکے گھر

پر موجود ہیں آپ حکم فرمائیں کہ اب کیا کرنا ہے بتایا گیا کہ اپنی بیٹی کے سسرال والوں سے کہیں کہ جیسے بھی ممکن ہو ایک سرخ رنگ کا بکرا بہ نیت صدقہ دیں اس بکرے کے چار حصے کریں پہلا حصہ جو کہ اگلی دو ٹانگوں میں سے دائیں ران کا گوشت پکا کر غرباء میں تقسیم کر دیں یہ آتشی خیرات کہلائے گی دوسرا حصہ قیمہ بنا کر پرندوں کو ڈال دیں یہ بادی صدقہ ہے۔ پچھلی دائیں ران کا قیمہ بنا کر آبی جانوروں کو ڈال دیں اور پچھلی بائیں ران کا قیمہ بنا کر زمین سے نکلنے والے جانور مثلاً سانپ بچھو چوہے یعنی زیر زمین رہنے والے حشرات و جانور کو ڈال دیں یہ خاکی صدقہ ہوگا۔ اس جانور کی سری شمسان گھاٹ یا خالی پلاٹ میں پھینک دیں۔ یہ طریقہ خاص صدقہ ہے۔

اس کے بعد گھر کے داخلی دروازے سے بائیں کونے کی جانب تقریباً ایک مربع فٹ اور گہرائی ایک فٹ کھودیں تو ان شاءاللہ کالی دیوی کی مورتی برآمد ہوگی۔ انہوں نے اہل خانہ کے ساتھ مل کر ایسا کیا کچھ دیر بعد ان کا فون آیا کہ حضور واقعی کالی دیوی کی مورتی برآمد ہوگئی ہے اب کیا حکم ہے؟ وہ بہت گھبرائے ہوئے تھے۔

اس مورتی کو قبرستان کی دیوار کے ساتھ مار کر توڑ دو بندہ احقر العباد محمد ایاز مزمل نے ان کو ہدایت دی ادھر اپنے حجرہ خاص میں جا کر سورہ مزمل کا 41 بار با آواز ورد کرنا شروع کر دیا جس کا طریقہ یہ تھا کہ سب سے پہلے اپنا اور اہل خانہ کا حصار کیا سورۃ مزمل 1 بار پڑھنے کے بعد سورۃ الفلق اور سورۃ الناس 3 بار پڑھی جاتی اور 3 بار **یا اللہ یا قوی یا قابض یا حافظ یا حفیظ** ورد کیا گیا حجرہ خاص میں ایک ہلچل سی پیدا ہوگئی ایسا لگتا تھا جیسا کہ دیواریں زمین پر گر جائیں گی یا حجرہ کی چھت زور زور سے ہل رہی ہے۔ پھر محسوس ہوا کہ جنگ کا ماحول پیدا ہوگیا۔ عجیب کیفیت جسم و روح پر طاری ہوئی بہت قوت اور طاقت کا احساس ہوا بہت سی بلیات سامنے ظاہر ہو رہی تھیں لیکن آخری بار سورہ مزمل ورد کرنے پر پُرسکون ماحول پیدا ہوگیا اس وقت میں جوش و جذبہ شدید تھا ہر شے اپنے اصل مقام پر آچکی تھیں ورد مکمل ہونے کے بعد بندہ احقر نے باری تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر ادا کیا۔ حجرہ خاص سے باہر آیا۔

ہاں عبدالقیوم کیا آپ نے اپنا کام مکمل کر دیا بذریعہ فون دوسری جانب سے حالات معلوم کرنا چاہے اُس نے جواب دیا کہ حضور میرے داماد نے وہ مورتی دیوار پر مار کر توڑی اُس وقت سے اب تک بے ہوش ہے۔ ہم نے لاکھ جتن کئے مگر اُس کو ہوش نہیں آرہا ہے جسم میں جھٹکے پڑتے ہیں اور ہم سب نہایت خوفزدہ ہیں اس لحہ بندہ احقر العباد محمد ایاز مزمل نے حجرہ خاص میں سورۃ مزمل 11 بار ورد کرنا شروع کیا اور بعد اختتام ورد، اب بتاؤ عبدالقیوم کیا حال ہے؟ بندہ احقر نے بذریعہ فون حالات جاننا چاہے۔ حضور وہ ہوش میں آچکا ہے مگر بہت زیادہ ڈرا ہوا ہے۔

کوئی بات نہیں آپ لوگ پریشان نہ ہوں اللہ کی طاقت سب سے بڑی ہے اور یہ پُراسرار قوتیں کسی بھی صورت میں باری تعالیٰ کے کلام کے سامنے نہیں ٹھہر سکتیں۔ بندہ نے حوصلہ دیا۔

بہت بہتر حضور عبدالقیوم نے جواب دیا۔

اب ایک حصار مضبوط جس میں 41 بار آیت الکرسی کا ورد کرنا تھا اس حصار میں اپنے اہل خانہ عبدالقیوم اور اُسکی بیٹی کے سسرال میں موجود اہل خانہ کو رکھا گیا۔ رات ہو چکی تھی اپنے دیگر اوراد سے فارغ ہونے کے بعد بستر پر جا لیٹا تقریباً آدھی رات کا وقت تھا کہ وہی کالی دیوی حالت خواب میں بہت غضبناک انداز میں حاضر ہوئی۔

یہ اپنا بیٹا مجھے دے دے تم نے مجھے بہت بے عزت کیا میری مورتی توڑوادی میرا تسلط اُن گھروں سے ختم کروادیا جب تک میں تمہارا پلوٹھی کا بیٹا نہ لونگی میں واپس نہیں جاؤنگی۔ اس کالی دیوی نے قریب آرام کرتے ہوئے 6 ماہ کے بچے کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا اسی کیفیت میں بندہ احقر نے ایک بار پھر سورۃ مزمل کا سہارا لیا ذات باری تعالیٰ کو مدد کیلئے پکارا کہ الٰہی تیری ذات سب سے زیادہ طاقتور ہے ان پُراسرار قوتوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلوا۔

وہ ذات رحیم رب غفور ہے اُسکو مدد کیلئے پکارا جائے تو ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ اُسکی جانب سے مدد نہ آئے۔ اس ذات اقدس نے ہمیشہ کی طرح اس بار بھی اپنی رحمت سے مایوس نہ کیا پھر یک لخت ایسا ہوا کہ وہ پراسرار قوت اچانک غائب ہوگئی۔ نیند اور گہری ہوگئی اگلی صبح عبدالقیوم سے رابطہ کیا گیا۔

حضور اب تو سب کچھ معمول کے مطابق ہے مگر یہاں پر ہندو لوگ انہوں نے کالی دیوی کی مورتی کو توڑنے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ آپ مجھے وضاحت فرمادیں کہ ایسی کیا بات تھی کہ ہم اس عذاب میں مبتلا ہوئے اب ہمارے ہوش و حواس کسی حد تک بحال ہوئے ہیں۔

بات دراصل عبدالقیوم یہ ہے کہ آپ کے داماد سے ایک شخص اپنی بیٹی کی شادی کرنا چاہتا تھا لیکن لڑکے کے باپ نے اُن لوگوں کو جواب دے دیا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ یہ لوگ جادو ٹونہ کیلئے کالے علم والوں اور ہندوؤں کے پاس آتے جاتے ہیں۔ اس انکار کے بعد لوگوں نے جادو کروانا شروع کر دیا اسی دوران آپ کی بیٹی سے اُس لڑکے کی نسبت طے ہوگئی جس کا اُن حاسدوں کو انتہائی دُکھ اور رنج تھا اب انہوں نے ہندو تانترک کا سہارا لیا۔ یہ ہندو تانترک کالی دیوی کا بھگت یعنی اسی کی پوجا پاٹ اور چڑھاوے چڑھاتا تھا۔ اس ہندو نے بھاری رقم کے عوض کالی دیوی کو اُس لڑکے اہل خانہ اور آپ لوگوں پر مسلط کر دیا تھا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ پہلے ان لوگوں کا

روزگار ختم ہوا اور مختلف پریشانیوں میں مبتلا ہوئے بالکل اسی طرح آپ لوگوں کے ساتھ بھی ہوا اگر اس مسئلہ پر مضبوطی کے ساتھ ہاتھ نہ ڈالا جاتا تو یقیناً یہ مزید بگڑتا جاتا جیسا کہ پہلے مولوی صاحبان نے اپنے طریقہ کار کے مطابق اس کو حل کرنے کی کوشش کی مگر درست طریقہ کار نہ ہونے کی وجہ سے یہ طاقتیں اپنے آپ کو زیادہ قوی سمجھنے لگی اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ان طاقتوں نے اُن لوگوں کو جو کہ آپ کی روحانی مدد کر رہے تھے مصیبت اور پریشانیوں میں مبتلا کر دیا۔

اللہ کے حکم سے آپ بروقت میرے پاس آ گئے اُس باری تعالیٰ نے قرآن پاک کے ذریعے مجھے وسیلہ بناتے ہوئے آپ کو ان پر اسرار قوتوں سے نجات دلوادی بندہ احقر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے عبدالقیوم کو آگاہ کیا۔

بہت بہت مہربانی حضور آپ کا یہ احسان ساری زندگی نہیں بھولوں گا عبدالقیوم نے بھرائی ہوئی آواز میں جواب دیا۔ اس کی آنکھوں سے مسلسل آنسو بہہ رہے تھے۔

ایسا لگتا تھا کہ سب کچھ معمول پر آ چکا ہے مگر اب بھی وہ پراسرار قوتیں اپنی ہار کے بعد سکون سے بیٹھنے والی نہ تھی اہل خانہ کو 40 دن کے حصار میں رکھا ہوا تھا کہ رات میں پھر وہ کالی دیوی حاضر ہوئی کہنے لگی کے اگر پلوٹھی کا بچہ نہیں دیتے تو 10 بکروں کی بلی دو۔ بندہ احقر نے سختی سے اُسکی بات کو رد کیا وہ یہ سُن کر غضبناک حالت میں واپس چلی گئی۔

باری تعالیٰ سے دعا کہ کی، الٰہی! تو دلوں کے حال بہتر جانتا ہے وہ لوگ جن کا یہ مسئلہ تھا مالی طور پر انتہائی کمزور ہیں تیری ذات بہتر جانتی ہے کہ وہ دو وقت کی روٹی بہت مشکل سے پورا کرتے ہیں تو چاہے تو اِن کا رزق وسیع کر دے اُنکے گناہوں کو معاف کر دے تو چاہے تو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ان پر اسرار قوتوں سے ہمیں نجات دلوادے جو کہ بڑی بھینٹ مانگ رہی ہے۔ تیرے کلام کا سہارا ہے، تیری بارگاہ میں التجا کرتے ہیں کہ تا حیات یہ پُر اسرار قوتیں ہم تینوں کے اہل خانہ کو یا کسی بھی مجبور اور بے کس کو تنگ نہ کرے جو لوگ ان کو تسخیر کر کے چھوٹے چھوٹے غرض و مقاصد کی خاطر بے گناہ اور بے چارہ لوگوں پر مسلط کرتے ہیں اُنکو ہدایت فرما اگر وہ ہدایت کے قابل نہیں تو اُنہیں نیست و نابود فرما دے۔ (آمین)

اس دعا کے بعد دل میں ایک اطمنان اور خوشی کا احساس ہوا ایسا یقین ہوا کہ رب ذوالجلال نے دعا قبول فرمالی۔ دو روز بعد عبدالقیوم اپنے سمدھی، داماد اور بیٹے کے ساتھ چند تحائف کے ساتھ حاضر ہوا بہت خوش تھا۔ حضور آپ نے ہمیں اُس عذاب سے نجات دلوائی عبدالقیوم مخاطب ہوا۔

میں عذاب سے نجات دلوانے والا کون ہوتا ہوں؟ آپ اللہ کا شکر ادا کریں جس نے آپ کو اس عذاب سے نجات دی۔ میں تو صرف ایک مہرا ہوں۔ اصل طاقت اللہ کے کلام میں ہے صرف ایمان پختہ ہونا چاہیے اگر بے یقینی اور بے ایمانی کیفیت سے کلام الٰہی کو چاہے کتنا پڑھتے رہیں تو مان لیں کہ طوطا رٹے لگانے سے عالم نہیں ہو جاتا۔ قرآن کی طاقت اُس وقت تک ظاہر نہیں ہوتی جب تک آپ میں یقین کی قوت نہ ہو اور دوسرا پہلو یہ ہے کہ جب تک آپ کے قول و فعل میں تضاد رہیگا کامیابی آپ سے کوسوں دور رہیگی۔ جیسا آپ باہر سے ہیں ویسا آپکو اندر سے بھی ہونا چاہیے اور جیسے آپ اندر سے ہیں ویسا آپ کو باہر سے ہونا چاہیے۔ قول فعل کا یہ تضاد ہمارے زوال کا سبب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن پاک کی کئی سورتیں کئی ہزار بار پڑھنے پر پھر معمولی سی تاثیر ظاہر ہوتی ہے جبکہ صحابہؓ، اولیاء اللہ یہی سورہ مبارکہ ایک بار ورد کرتے ان کو ان کے اثرات ظاہر ہو جاتے اپنی بداعمالی کی وجہ سے اب ہماری زبان میں تاثیر نہ رہی اس میں قصور ہمارا ہے یہی وجہ ہے کہ آج کے دور میں لوگ قرآنی اعمال اور روحانیت سے باغی ہوتے جا رہے ہیں کہ اُن کے قول فعل میں تضاد ہے ہوس و لالچ اس قدر کہ اللہ معاف کرے۔ حلیے بظاہر پیر و فقیروں جیسے مگر ہوس کہ مارے ہوئے۔

آپ نماز کی پابندی رکھیں روزانہ قرآن ضرور پڑھا کریں چاہے دو آیتیں ہی کیوں نہ پڑھیں کوشش کریں کہ کسی کا دل آپ سے نہ دُکھے اپنے گھر میں اجتماعی طور پر قرآن پاک کا ختم کروائیں اور ہر کمرہ میں سورۃ مزمل کا فریم آویزاں کریں اس کے بعد بندہ احقر نے روحانی بزرگوں کی جانب سے تعلیم کیا گیا خاص حصاری نقش سورۃ مزمل تحریر کر کے دیئے تا کہ ہر فرد اپنے پاس خاص حصاری نقش سورۃ مزمل کا یہ نقش رکھے اور کچھ نقش گھر میں لگانے کیلئے بھی دیئے کہ دوبارہ حاسدین اس قسم کا کوئی حملہ نہ کر سکیں۔ خود قران پاک کی تلاوت نہ کر سکیں تو آج کے دور میں موبائیل ہر شخص کے پاس ہے اس میں سورہ مزمل محفوظ کر کے رکھ لیں وہ تلاوت روزانہ بلند آواز میں کم از کم آدھا گھنٹہ لگا کر سن لیا کریں۔

آج اس واقعہ کو عرصہ گزر چکا ہے عبدالقیوم اپنے اہل خانہ اور سمدھی کے ہمراہ نہایت پُر سکون زندگی گزار رہا ہے۔ پُر اسرار قوتوں سے نجات کے بعد اُس کا کاروبار بہتر ہو گیا شادی ہال میں کام کرنے سے کچھ تجربہ حاصل ہوا تھا جس کے بعد اس نے کیٹرنگ کے شعبہ کو اپنا پیشہ بنایا اور پھر وقت کے ساتھ ساتھ عبدالقیوم کا یہ کام پھلتا پھولتا گیا، اسی طرح اس کے داماد کا کاروبار بھی پہلے سے زیادہ بہتر ہو گیا اور اب وہ خوشحال زندگی گزار رہے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس کے داماد کو 3 بیٹے عطا کئے۔ یہ سب کلام الٰہی کی برکت سے اور سورۃ مزمل کا فیض ہے۔



محترم قارئین کرام! ملکی سیاسی صورتحال بہت عجیب انداز سے گزر رہی ہے گزشتہ چند ماہ سے ملک میں سیاسی ہنگامہ آرائی میں بے حد اضافہ ہوا ہے۔ سال کی یہ دوسری سہ ماہی جس کا آغاز جولائی اور اختتام ستمبر ہے مزمل روحانی جنتری میں اس سہ ماہی بارے سیارگان کی بدلتی ہوئی حالت کے پیش نظر متوقع تبدیلیوں کی جانب اشارہ کر دیا گیا تھا۔ قارئین مزمل روحانی جنتری کے صفحہ نمبر 9 اور 10 کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ اگست میں آسمان پر سیارگان کے درمیان بننے والی اہم نظرات میں پہلی نظر 09 اگست عطارد تسدیس زہرہ جو کہ سعد نظر ہے اس دوران **عطارد در سنبلہ** اور **زہرہ در سرطان** ہوگی۔ عطارد سنبلہ کا فطرتی خانہ ہے جس میں اسے شرف کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ **اس کے بعد دوسری سعد** نظر شمس مشتری تسدیس 9 تا 12 اگست قائم ہو رہی ہے بوقت نظر **شمس در اسد** اور **مشتری در میزان** ہے۔ شمس اپنے فطرتی گھر میں موجود ہے مشتری کو میزان میں اوج حاصل ہوتا ہے لہذا یہ دونوں نظرات سعد ترین کہلائیں گی۔ **تیسری سعد نظر** جس کا آغاز 13 اگست سے ہے شمس تثلیث زحل اس نظر کا اختتام 15 اگست ہے زحل کی شمس سے قائم ہونے والی یہ سعد نظر کمزور ہوگی کیونکہ اس نظر میں زحل بحالت رجعت میں ہے۔ اس ماہ **صرف ایک نظر نحس** ہے جس کا آغاز 17 اگست ہے یہ نظر زہرہ مشتری کے درمیان تربیع قائم کر رہی ہے۔ **پانچویں سعد نظر** مریخ اور مشتری کے درمیان نظر تسدیس 18 تا 23 اگست۔ **چھٹی سعد نظر** مریخ زحل کے درمیان نظر تثلیث 21 تا 24 اگست قائم ہو رہی ہے۔ **ساتویں سعد نظر** 22 اگست مشتری زحل کے درمیان نظر تثلیث حکومتی حق میں ہے۔ **آخری سعد نظر** شمس عطارد قران 27 اگست کو قائم ہو رہا ہے۔

محترم قارئین کرام! سیارگان کے درمیان قائم ہونے والی یہ نظرات بدلتی تبدیلی کی جانب کئی اشارے دے رہی ہے۔ جیسا کہ گزشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے زحل 25 اگست کو اپنی رجعت ختم کر رہا ہے مستقیم ہونے پر دیگر سیارگان کے ساتھ زحل کی نظرات تثلیث و تسدیس اور قرانات سعد ہو جائینگے۔ زحل حکومتی سیارہ ہے مگر زحل کا دوسرا رُخ نحس اکبر بھی ہے رنگوں کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ کسی بھی سیاسی جماعت کے پرچم میں رنگوں کی ترتیب کو خاص طور سے مدنظر رکھا جاتا ہے۔ جیسا کہ پاکستانی سیاسی جماعتوں کے پرچم میں رنگوں کی ترتیب پر غور کریں تو اُس جماعت خیالات واضح ہو جائینگے۔ زحل کا رنگ سیاہ ایک جانب واحدنیت، بلند روحانیت، الہام، طویل عمر کی جانب اشارہ دیتا ہے تو دوسری جانب اس سے منسوب سیاہ رنگ گریہ زاری کا بھی اشارہ دیتا ہے زحل انقلابی حیثیت کا سیارہ مانا جاتا ہے۔ زحل کے بدلتے ہوئے حالات اور آسمان پر بروج میں داخلہ و خروج خاص اہمیت کا حامل ہے یاد رہے کہ زحل ان ایام میں برج قوس میں قیام پذیر ہے لیکن شمس کے ساتھ اگست میں قائم ہونے والی اہم نظرات زحل سے منسوب رجحانات کے منفی مثبت رجحان کی دلیل ہے۔ سیاہ رنگ جہاں تک گریہ زاری کا اشارہ دیتا ہے تو **سرخ رنگ باطل کے خلاف جنگ اور انقلاب کا علمبردار ہے**۔ جنگ و جدل کا سیارہ مریخ سرخ رنگ سے منسوب ہے۔ **پاکستان کے پرچم میں دو رنگ سبز اور سفید** شامل ہیں سبز رنگ خوشحالی ترقی، پُرمسرت زندگی مشتری کی تشبیہ ہے جبکہ سفید رنگ پیار محبت، امن بھائی چارے، اخوت کے جذبات کی ترجمانی کرتا ہے سفید رنگ زہرہ سے منسوب ہے۔ گولڈن اور زرد رنگ شمس کے بے تاج ہونے کی نشانی دیتا ہے جبکہ ان تمام رنگوں کے امتزاج سے پیدا ہونے والی قوس وقزح عطارد کی ہے۔ ان رنگوں کی زبان کو سامنے رکھتے ہوئے سیارگان کے درمیان قائم ہونے والی نظرات کا مطالعہ کریں تو حقیقت سے آشنا ہو جاتے ہیں۔ یعنی پاکستان امن وسلامتی خوشحالی کا گہوارہ ہے۔ پاکستان کی تین بڑی سیاسی جماعتوں کے پرچم اُن کے سربراہان کی تصویروں کے ہمراہ سرورق پر شائع کیے گئے ہیں۔

وطن عزیز کو چند دشمنوں نے اجاڑنے کی بھرپور کوشش کی، بدنصیبی رہی کہ گزشتہ چند برسوں سے اس ملک کو مخلص سیاست دان نہ ملے۔ موجودہ وقت میں پانامہ کیس ایک بھیانک مثال ہے جس طرح تاریخ میں ہم نے قائداعظم اور ان کے ساتھیوں کی کوششوں کے ثمرات بڑے فخر سے پڑھے اور پڑھائے اب آئندہ 10 سے 15 سال بعد ہم اپنی نئی نسل کو کیا پڑھائیں گے۔ موجودہ وقت میں یہ بات سوچنے کی اشد ضرورت ہے۔ کیا ہم بتائیں گے کہ بیسویں صدی کی دوسری دہائی میں جو حکمران آئے جو سیاست دان آئے جو میڈیا آیا اُن کا کیا کردار تھا، اُن کے کیا کارنامے تھے، بہرحال اُس وقت بھی اور اِس وقت بھی عام آدمی کو اتنا ضرور پتہ چل چکا ہوگا کہ جائیداد جب دوسرے ملک خریدی جائے تو اُس میں منی ٹریل کیا ہوتی ہے، آف شور کمپنیاں کیا ہوتی ہیں، دھاندلی کس طرح کی جاتی ہے،

حکومت گرانے کیلئے کیا کیا اقدامات اور کن کن ذرائع کو استعمال کیا جاسکتا ہے اسی طرح حکومت بچانے کیلئے کیا کیا اقدامات اور کن ذرائع کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔
اب یہ پرانی بات ہو چکی کہ ایک بلند و بالا یا خوبصورت عمارت بنانے کے بعد اُس پر تحریر کر دیا جاتا تھا کہ یہ تو میرے رب کا فضل ہے یعنی **ھذا من فضل ربی** مگر بیرون ملک مقیم تقریباً 95 فیصد پاکستانی حکمران جن کے بڑوں اور خود انھوں نے پاکستانی دولت لوٹ کر اپنے محلات بنائے ان کے باہر یہ سب کچھ انگلش میں لکھوائیں گے یا یہ سب کچھ چھپائیں گے۔ گزشتہ برسوں میں جب کوئی عام آدمی منی ٹریل منی لانڈرنگ آف شور کمپنیاں یا کسی بھی قسم کی لیکس سے ہرگز واقف نہ تھا اب اُس کی معلومات میں بے انتہا اضافہ ہو چکا ہے۔ یہاں تک کہ اُس کو یہ بھی پتہ چل چکا کہ جے ٹی آئی کیوں بنائی جاتی ہے کس طرح وہ اپنا کام کرتی ہے۔ اگر یہی حالات رہے تو آئندہ چند برسوں میں ملک کے بچہ بچہ کو سیاست دانوں بارے بہت سی ایسی معلومات بھی مل چکی ہونگی جو کہ اب تک پس پردہ رہی۔

سیارگان کی بدلتی صورتحال کے پیش نظر ہمیشہ کی طرح **اگست تا دسمبر نواز شریف حکومت کیلئے** سخت آزمائش بھرا ہے۔ اگست میں سیارگان کے تبدیل ہوتے ہوئے گھر یعنی داخلہ فی البروج نئی صورتحال پیدا کرتے نظر آرہے ہیں یعنی **شمس 23 اگست کو میزان میں** داخل ہو رہا ہے اور دسمبر تک عقرب قوس اور جدی کا سفر کریگا۔ سیارہ مریخ جنگ و جدل اور خون خرابے کا حاکم سیارہ 5 ستمبر سے برج سنبلہ میں داخل ہو کر دسمبر تک میزان اور عقرب میں داخل ہوگا۔ **اگست ستمبر سیارہ مشتری در میزان** ہے جو کہ عندیہ دیتا ہے کہ ملک کو سیاسی بحران سے نکالنے کی جانب بھرپور اقدامات کئے جاسکیں گے اس دوران شرف یافتہ عطارد زہرہ اور مریخ کے ہمراہ دیکھا جاسکے گا جو کہ اطلاعات و نشریات میڈیا اور صحافت سے متعلق بہتر اقدامات کا اشارہ دے رہا ہے۔ **حکومتی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب** عوام کو خوشی کی خبر بھی دے سکتی ہیں چونکہ حاکمیت اور بادشاہت کا سیارہ شمس اور خواتین سے منسوب زہرہ عطارد کے ہمراہ سنبلہ پر قابض ہیں۔ شرف یافتہ عطارد اپنے گھر میں بگڑے معاملات درست ہونے کا اشارہ دیتا ہے۔ **مشتری 10 اکتوبر کو برج عقرب** میں جائیگا اس وقت زمینی آفات تباہ و بربادی زلزلوں کا بھی خدشہ ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ آسمانی آفات کا نزول ہو جس میں طوفانی بارشیں اور تیز آندھیاں چلنا ممکن ہیں جانی و مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ مشتری کا قیام جب تک برج عقرب میں ہے ایسے خدشات سے انکار نہیں کیا جاسکتا مشتری کا ایک مثبت پہلو برج عقرب میں یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ خوشحالی ترقی اور نئے معاہدوں کی جانب اشارہ دیتا ہے۔ ملکی ترقی سے متعلق اہم منصوبے اور معاہدے تکمیل پاسکیں گے۔

سال کے آخری ایام میں زحل در جدی ہو جائیگا۔ دسواں گھر زائچہ میں حکومت کا ہوتا ہے لہٰذا اُس وقت حکومت کے معاملات بہتر سے بہترین ہو جائینگے چاہے۔ ملکی سیاسی وجہ حرارت عروج پر ہوگا، ان دنوں زحل حالت رجعت میں یہ زحل کی یہ رجعت 25 اگست کو برج قوس میں ختم ہو رہی ہے موجودہ بگڑتے ہوئے حالات بہتری کی جانب آنا شروع ہو جائینگے کیونکہ حکومت سے متعلق سیارہ زحل اپنی رجعت گردش کے ایام ختم کر دیگا اس کے بعد بھی ان نحس ایام کا اثر مزید 10 روز رہیگا۔ ایسے حالات جو کہ گزشتہ چند ماہ سے حکومت کیلئے ساز گار نہ تھے اب بہتر ہونا شروع ہو جائینگے۔ اگست تا دسمبر سیارہ یورانس 03 اگست کو برج حمل میں رجعت پذیر ہو رہا ہے۔ حمل کو قوم کا طالع مانا جاتا ہے اس برج میں یورانس کی رجعت قوم کی سیاست دانوں سے واسطہ اُمیدیں ٹوٹ جانے کی جانب اشارہ ہے۔ اس دوران تیزی سے اتار چڑھاؤ کا سلسلہ جاری رہیگا جن میں بنیادی اشیاء بجلی گیس اور پیٹرول کے نرخ بڑھ جانے کا بھی عندیہ ہے۔

13 **اگست عطارد برج سنبلہ** میں چلا جائیگا ان دنوں سیارگان کی رجعت ملکی سیاست پر نحس اثرات ظاہر کر سکتی ہے۔ عطارد کی رجعت برج سنبلہ میں اشارہ دیتی ہے کہ چند اہم سیاست دان کسی مشکل میں گرفتار ہو سکتے ہیں یا اُن کی صحت کو خطرہ ہو سکتا ہے۔ سیارہ عطارد کی دوسری بار رجعت 03 دسمبر برج قوس میں ہو گی رجعت کے یہ 20 دن اہم ہو سکتے ہیں عطارد کی رجعت 23 دسمبر کو برج قوس میں ختم ہوگی۔ اس دوران سیارہ عطارد، زحل شمس اور زہرہ سے قرانات کی نظر قائم کریگا جو کہ نحس ہونگی عطارد، مریخ سے نظر تسدیس بھی بنائے گا۔ عطارد سے بنائی گئی یہ نظر بظاہر سعد لیکن رجعت پذیر ہونے کی وجہ سے کمزور ترین یا نحس ہوگی۔ سیاست دانوں کا حکومتی اداروں سے ٹکراؤ کسی صورت فائدہ مند نہ ہوگا بلکہ شدید نقصان کا خطرہ ہے۔ تحریک انصاف کے بانی اپنی مخالف سیاسی جماعتوں پر تند و تیز حملے کریں گے اور سیاسی ماحول کو گرم رکھنے کی کوشش کریں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی عطارد کی رجعت کے وقت میں محتاط رہے کیونکہ یہ وقت مخالفین پر بیان بازی کیلئے کسی بھی صورت فائدہ مند نہ ہے۔
اس دوران مشتری در میزان ہوگا۔ پلوٹو جو کہ 20 اپریل سے برج جدی میں راجع تھا 29 ستمبر کو اسی برج میں مستقیم ہو رہا ہے۔ پلوٹو برج عقرب کا ذیلی حاکم مانا جاتا ہے۔
یہ الگ بات ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے 2013ء سے اقتدار سنبھالا اس وقت سیارگان کی پوزیشن بہتر تھی جس کے تحت میثاق جمہوریت کام آیا۔ ترچھی نظروں سے دیکھا جائے تو میثاق جمہوریت والے اب تک کیا گیا وعدہ نبھا رہے ہیں ہلکا پھلکا شور شرابا تو پیپلز پارٹی کا حق ہے لیکن دیگر اپوزیشن سیاسی جماعتیں جن میں تحریک انصاف سرفہرست ہے اس نے حکومت کو روز اول سے اب تک تگنی کا ناچ نچایا ہوا ہے۔

شروع سے دھاندلی کا شور، سانحہ ماڈل ٹاؤن، پھر کہیں سے اچانک گلوبٹ برآمد ہوگیا تو دوسری جانب میٹرو منصوبے نے سر اُٹھالیا اور اُس میں ہونے والے گھپلوں کی خبر عوام کو دی جانے لگی، اورنج ٹرین کے منصوبہ نے بھی حکومت کا ناک میں دم کئے رکھا کہ اپوزیشن نے اس منصوبہ کو سامنے رکھتے ہوئے حکومت کے خلاف بے انتہا بیانات داغے۔ بلآخر حکومت جمہوریت کی گاڑی کو گھسیٹتے ہوئے 4 سال تک اپنے سفر پر رہی پانامہ لیکس نے آخر میں ایسا ہنگامہ برپا کیا کہ اپوزیشن والوں کو دیگر بہانے تلاش کرنے کی ضرورت نہ رہی کہ اب وہ حکومت کو کس طرح تنگ کریں۔ **اپوزیشن کے ہاتھ پانامہ لیکس کا لگنا گویا ایسا ہے جیسے اُنہیں پکی پکائی دیگ مل گئی۔** تحریک انصاف حکومتی اقتدار کے 5 سالوں میں عوامی سیاست میں زندہ رہنے کیلئے مختلف ہتھکنڈے آزمارہی تھی لیکن پانامہ لیکس سے اُنہیں ایک ایسا ہتھیار مل گیا جس کو استعمال کر کے اُن کی نظر میں حلومت کے ایوانوں کو ہلایا جاسکتا ہے اب حالت زار یہ ہے کہ آدھا ملک اعصابی کیفیت میں مبتلا ہے کہ حکومت آج جائیگی یا کل جائیگی یا اپنی مدت پوری کریگی اور آدھا ملک اپنے دو وقت کی روٹی کے چکر میں ہے کہ حکومت رہے یا جائے ہمیں اس سے غرض نہیں ہمیں اور ہمارے بچوں کو دو وقت کی روٹی ملنی چاہیے۔ کہیں مٹھایاں تقسیم کی جارہی ہیں تو کہیں سر جوڑ کر سوچا جارہا ہے کہ اب کیا کریں.....؟

سیارگان کی نشست اور ان کی نظرات پر نگاہ ڈالیں تو نظر یہ آتا ہے کہ اگست ستمبر حکومت کیلئے سخت آزمائش بھرے ہیں جیسا کہ ہم نے مزمل روحانی جنتری 2017ء میں ایک سال قبل واضح طور پر سیارگان کی روشنی میں تحریر کردیا تھا۔ حقیقت آپ کے سامنے ہے انہی نظرات نشست سیارگان اور رجعت استقامت کو دیکھتے ہوئے کہا جاسکتا ہے ممکن ہے کہ حکومت اپنا وقت پورا کرے وزیر اعظم کو مزید مشکلات جھیلنا پڑیں۔ خاص طور سے ایسے اوقات جن میں اہم سیارگان نحس نظرات قائم کررہے ہوں یا وہ رجعت کا شکار ہورہے ہونگے جن کا تفصیلاً گزشتہ سطور میں ذکر کردیا گیا ہے۔ اپنی اپنی سیاسی جماعتوں کے ہمدرد کارکن سیاست دانوں یا سیاسی جماعتوں سے متعلق صدقہ اور خیرات ضرور دیں تاکہ آئندہ آنے والی کسی بھی پریشانی سے بچا جاسکے۔

اور اگر کوئی تنگی والا ہو تو اسے آسانی تک مہلت دینی چاہیے اور صدقہ کرو تو تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے اگر تمہیں علم ہو۔ (سورۃ بقرہ آیت نمبر 280)

بیشک صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور جو اللہ کو خلوص کے ساتھ قرض دے رہے ہیں ان کیلئے یہ بڑھایا جائیگا اور انکے لئے پسندیدہ اجر و ثواب ہے (سورۃ الحدید آیت نمبر 18)

حدیث پاک ہے کہ

''صدقہ رد بلا ہے۔''

پاکستان مسلم لیگ ن کا صدقہ

اتوار کے روز دوپہر 1:30 تا 02 بجے سفید تل، چاول، چینی ہم وزن لے کر کیڑے مکوڑوں کو ڈالیں۔

صدقہ وزیر اعظم نواز شریف

منگل کے روز 08:15 تا 08:45 بکرا ذبح کر کے گوشت درندوں کو ڈال دیا جائے یا کم از کم مرغی ذبح کر کے یا سوا کلو گوشت قبرستان میں پھینک دیا جائے

پاکستان تحریک انصاف کا صدقہ

جمعہ کے روز دوپہر 01 تا 02 بجے سوا کلو سوجی اور شکر حشرات الارض کو ڈالیں یا برفی کیڑے مکوڑوں کو ڈال دی جائے۔

صدقہ عمران خان

ہفتہ کے روز رات 08 تا 09 بجے سوا کلو سورج مکھی کے بیج پرندوں کو ڈالیں نحوستوں سے بچنے کیلئے کالا تیتر پالیں۔

پاکستان پیپلز پارٹی کا صدقہ

بدھ کے روز دوپہر 1:30 تا 02 بجے یا رات 08:15 تا 08:45 ملے جلے اناج ہم وزن لے کر پرندوں کو ڈالیں۔

صدقہ آصف علی زرداری

منگل کے روز 08:15 تا 08:45 سرخ مرغے 9 عدد ذبح کریں اور ان کا گوشت 2 حصوں میں تقسیم کر کے درندوں اور پرندوں کو ڈال دیں۔

صدقہ بلاول زرداری بھٹو

سوموار کے روز دوپہر 01:30 تا 02 بجے سمندر، دریا یا نہر میں مچھلیوں کو ان کی خوراک ڈالیں۔

اسرار و رموز منازل قمر

فارسی کتاب سے ترجمہ

تحریر:۔ چوہدری فیصل محمود (لندن)

میرے پیارے دوستو! گزشتہ ماہ چاند کی پہلی چودہ منازل کا ذکر کیا تھا ان قمری منازل کی تصاویر اور نام ماہنامہ تحفہ روحانیات میں شائع کیے گئے تاکہ وہ افراد جو کہ منازل قمر بارے دلچسپی رکھتے ہیں یہ نایاب معلومات اُن تک پہنچائی جا سکے۔ اس ماہ چاند کی باقی چودہ منازل کا ذکر کیا جا رہا ہے جنہیں عربی زبان میں یمانیہ کہتے ہیں۔

اول منزل غفرہ

اس منزل میں تین ستارے پوشیدہ ہیں۔ منجملہ ان کے ایک ستارہ تو نہایت خفیہ ہے اور ستارۂ دوم سے چسپیدہ نظر آتا ہے اور تیسرا بفاصلہ ایک تازیانہ کے دور ہے۔ تصویری شکل اسطرح ہے۔

اس سبب سے اس کو غفر کہتے ہیں کہ اس کے طلوع ہونے کے قریب زمین کی تروتازگی جاتی رہتی ہے۔ اس کا طلوع ماہ تشرین الاوّل کی اٹھارہویں شب کو اور سقوط سولہویں نیسان کی شب کو ہے ساجع نے لکھا ہے کہ جس وقت غفر طلوع کرتا ہے بدن میں بالوں کو لرزہ آتا ہے اور زمین اپنی قوت سے عاجز ہوتی ہے اور جانوروں کی ولادت بہت کم ہو جاتی ہے لیکن غفر اکے غروب پر گرمی ختم ہو جاتی ہے اور سردی کا زور ہوتا ہے اور اس کی نوء میں فصل خرما کی آخر ہوتی ہے اور قصیاریسی کو کاٹتے ہیں۔

دوئم منزل زبانا

منزل دوسری زبانا کی یہ شاخ عقرب کی ہے یہ دو ستارے ہیں نظر خلائق میں جدا جدا پانچ گز کے فاصلہ پر آخر ماہ تشرین الاوّل کو طلوع اور آخر ماہ نیسان کی شب کو غروب ہوتا ہے۔ عرب معتقد ہیں کہ اس کی نظرات کی تاثیرات سے بادشمالی تند چلتی ہے اور موسم گرما میں نہایت گرمی ہوتی ہے اور ساجع کہتا ہے کہ جس وقت زبانا طلوع کرے پس اپنے اہل کیلئے موسم سرما کی فکر کرنا ضروری ہے اور سردیوں کے استقبال کی تیاری کر لینی چاہیے۔ اقلیم بابل میں شروع نظرات میں مکانوں میں لوگ آ جاتے ہیں اور سردی سخت ہوتی ہے۔ اس کا رقیب مقابل بطین ہے۔ تصویری شکل اسطرح ہے۔



سوئم منزل اکلیل

یہ عقرب کا سر ہے اور وہ تین ستارۂ روشن معترضہ ایک صف میں ہیں۔ تشرین الاوّل کی تیرھویں شب کو طلوع اور تیرھویں ایار کی شب کو غروب ہوتا ہے۔ تصویری شکل اسطرح ہے۔



ساجع نے لکھا ہے کہ اس کا طلوع سیول لاتا ہے۔ اس کے غروب ہوتے زمین کا پانی خشک ہو جاتا ہے۔ اس کی نظرات کے وقت بارش بکثرت ہوتی ہے۔ اس کے مقابل منزل ثریا ہے۔

اختر بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد۔ 0313-7091558 — ادارہ روحانیات

چہارم منزل قلب

یہ عقرب کا قلب ہے اور وہ ایک ستارہ ہے کہ رنگ سرخ ہے۔ عقب پر اکلیل کے واقع ہے درمیان دوستاروں کے جن کا نام نیاط ہے اور یہ دونوں ستارۂ اوّل کے برابر سرخ نہیں ہیں اور یہ دونوں باہم سردی کے موسم میں طلوع کرتے ہیں اور ان کا نام طلوع چھبیسویں تشرین الآخر میں واقع ہوتا ہے اور چھبیسویں ایار کو غروب پاتا ہے۔ کچھ حیوانات اس وقت بچہ جنتے ہیں اس وقت میں بچے کی پیدائش کو اچھا نہیں سمجھا جاتا اس لئے کہ حیوانات کی غذا اور چارہ وغیرہ اس کے طلوع کے ہنگام میں کم ہو جاتا ہے اور ساجع کا قول ہے کہ اس کے طلوع کے وقت سردی کا موسم مانند کتے کے دوڑتا آتا ہے اور قلب کی نظر نا مبارک ہے۔ عرب کے نزدیک بڑا ہی شوم ہے۔ جس وقت قمر عقرب میں آتا ہے سفر کرنا برا جانتے ہیں۔ بقول شاعر شعر فیسر ولاتقلب العقرب الیوم عندکم سواء علیکم بالخوس وبالسعد۔ اس کے زمانہ میں جاڑا بشدت ہوتا ہے۔ دوسرے ہوا کا زور ہوتا ہے، تیسرے درختوں کے برگ وبار میں پانی ساکن ہوتا ہے۔ اس کے مقابل منزل دبران ہے۔ قلب کی تصویری شکل اسطرح ہے۔



پنجم منزل شولہ

یہ دوستارے باہم اس طور پر واقع ہیں کہ گویا دُم عقرب کو چھوا چاہتے ہیں۔ ان کو شولہ کہنے کی یہ وجہ ہے کہ اوپر کو ارتفاع رکھتے ہیں گویا دم کو اٹھاتے ہیں۔ ان کے بعد نیش عقرب گویا بطور ایک پارۂ ابر کے ہے۔ نویں کانون الاوّل کی شب کو طلوع اور نویں حزیران کی شب کو غروب ہے اور ساجع کے نزدیک اس کے طلوع میں عیال واطفال پر افلاس بڑھ جاتا ہے اور اس کی نظر کے اثر سے پتے درختوں کے گر جاتے ہیں اور بارش کی کثرت ہوتی ہے اور متفرق ہوتے ہیں۔ اہل بادیہ اور گرم سیر جگہ تلاش کرتے ہیں۔ اس کے مقابل منزل ہقعہ ہے۔ شولہ کی تصویری شکل اسطرح ہے۔



ششم منزل نعائم

یہ آٹھ ستارے ہیں، شولہ کے عقب پر واقع چار تو مجرہ میں جن کو نعائم وارہ کہتے ہیں، وجہ اس کی یہ ہے کہ وہ اس طرح پر واقع ہیں کہ گویا آبنوشی کو متوجہ ہیں اور باقی چار ستارے جو مجرہ سے خارج واقع ہیں۔ یہ ایسی ہیئت سے ہیں کہ گویا پانی پی کر نہر سے نکلے ہیں۔ ان کو نعائم صادر کہتے ہیں۔ ان چاروں میں سے ہر ایک ایک دوسرے کے پہلو میں واقع ہے برسم تربیع ان کا طلوع بائیسویں کانون الاوّل کی شب کو اور غروب بائیسویں حزیران کی شب کو ہوتا ہے۔ ساجع کے نزدیک اس کے طلوع ہونے میں جانوروں کو کثرت سے حرکت ہوتی ہے۔ گویا کہ چرواہے سے آزاد ہیں اور باہم پرواز کرتے ہیں۔ اس کے خواص غیر مذکور ہیں بجز اس کے کہ شروع زمستان ہوتا ہے اور دن بڑھتا ہے اور رات گھٹتی ہے۔ اس کے مقابل منزل بلعہ ہے۔ نعائم کی تصویری شکل اسطرح ہے۔



ہفتم منزل بلدہ

یہ آسمان پر ایک قسم کی فضا ہے کوئی ستارہ درمیان نعائم اور سعد ذابح کے نہیں ہے اور اس منزل میں بجز ایک ستارہ کے اور کچھ نہیں اور وہ ستارہ بھی اس درجہ چھوٹا ہے کہ نظر کام نہیں کرتی۔ اس کا نام بلدہ ہے اور اس کو اس جگہ سے تشبیہ دی جہاں ثعلب یعنی لومڑی سوتی ہے اور دُم اپنی زمین پر مارتی ہے تا کہ جگہ ہموار ہو جائے اور کوئی سنگریزہ وغیرہ باقی نہ رہے۔ بعض اوقات قمر بلدہ میں نزول نہیں کرتا اور قلاوہ میں گزر کرتا ہے۔ قلاوہ چھ ستارے مستدیر چھوٹے چھوٹے روشن مشابہ کمان کے ہیں۔ بعض عرب ان کو قوس کہتے ہیں اور بعض اوجی نعائم یعنی آشیانہ شتر مرغ کہتے ہیں۔ جبال القوس ایک ستارہ

ہے کہ اس کو سہم الرامی بھی کہتے ہیں۔قوس سعد ذابح کے آگے واقع ہے اور بلدہ شب چہارم کانون الآخر کو طلوع کرتا ہے اور سقوط اس کا ماہ تموز کی چوتھی شب کو ہوتا ہے۔ اس کے نوء میں پینا پانی کا مبارک ہے۔ پانی مزہ دار ہو جاتا ہے اور جاڑے کی شدت ہوتی ہے اور باغستان خس و خاشاک سے صاف ہوتے ہیں انگور کے درخت ناقص ہو جاتے ہیں۔اس کے مقابل منزل ذراع ہے۔ بلدہ کی تصویری شکل اسطرح ہے۔



ہشتم منزل سعد ذابح

یہ دوستارے ہیں، سوائے نیرین کے کہ درمیان ان دونوں کے ایک گز کا بعد دریافت ہوتا ہے۔ ان دونوں میں سے ایک کا ارتفاع جانب شمال پایا جاتا ہے اور دوسرا جانب جنوب ہبوط کرتا ہے اور ان ہردو سے بالا ایک اور تیسرا ستارہ کوچک ہے کہ چسپاں ہے اپنے دونوں ستارۂ زیریں سے۔ عرب کہتے ہیں کہ یہ اس کی گوسپند ہے کہ اس کو ذبح کرتا ہے۔ اس کا طلوع ساتویں کانون الآخر کی شب کو ہوتا ہے اور سقوط ۷ تموز کی شب کو واقع ہوتا ہے۔ اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کی نوء میں پانی سرشاخوں میں پہنچتا ہے اور بارش موقع پر ہوتی ہے۔ بادام پر پوست پیدا ہوجاتا ہے، برگ ریزی شروع ہوتی ہے۔ اس کے مقابل منزل نثرہ ہے۔ ذابح کی تصویری شکل اسطرح ہے۔

نہم منزل سعد بلع

یہ دوستارے برابر ہیں۔ اور ایک ان میں سے زیادہ تر روشن ہے کہ اس تارہ کو بالع کہتے ہیں۔ گویا یہ بڑا ستارہ روشن اس دوسرے کو جو اس کے پہلو میں ہے نگلتا ہے۔ طلوع اس کا اس وقت ہوتا ہے کہ کانون آخر کی ایک شب باقی رہتی ہے اور غروب ماہِ آب کی اوّل شب کو ہوتا ہے۔ ساجع سے منقول ہے کہ جب سعد بلع طلوع کرتا ہے زمین ربع کو خوفناک ہے۔ یعنی محصول زمین کا وہاں تک ہوتا ہے کہ خوشہ کی کثرت میں زمین پنہاں ہوجاتی ہے اور حیوانات سے بڑی سرعت میں نتائج بہم پہنچاتا ہے۔ اس وقت ایک مغ پیدا ہوتا ہے جس کو شکار کرتے ہیں۔ زمین کثرت شگوفہ سے چراغاں زار ہوجاتی ہے اور صفادع فریاد شروع کر دیتے ہیں، کنجشک آرام کرتی ہے اور ہُد ہُد انڈے رکھتے ہیں اور ہوائے جنوبی بکثرت چلتی ہے جانوروں میں دودھ کی قلت نظر آتی ہے۔ اس کے مقابل منزل طرفہ ہے۔ سعد کی تصویری شکل اسطرح ہے۔

دہم منزل سعد السعود

یہ تین ستارے ہیں ایک ستارے میں بہ نسبت اور دونوں ستاروں کے زیادہ روشنی ہے۔ عرب اس کو مبارک شمار کرتے ہیں اس وجہ سے سعد السعود کہتے ہیں کہ اس کا طلوع بارہویں شباط کی شب کو اور سقوط چودھویں ماہ آب کی شب کو ہوتا ہے۔ ساجع ناقل ہے کہ اس کے طلوع میں باغ و بہار آشکار ہوتا ہے۔ دھوپ ناگوار گذرتی ہے۔ بہار کا آغاز ہوتا ہے۔ شعر ولکن تنجک سعد السعود۔ طبقت ارضی عشیاوزرارا۔ اس کی فصل شروع میں سرسبزی کا آغاز اور طائروں کے چہچہانے اور بلبلوں کو ہیجان ہوتا ہے۔ خطاطیف خروج کرتے ہیں شتر اور گائے فربہ ہوتے ہیں۔ گل وریاحین کثرت سے نمودار ہوتے ہیں۔ اس کے مقابل منزل جبہ ہے۔ سعد السعود کی تصویری شکل اسطرح ہے۔



طاہر نیوز ایجنسی، کچہری بازار خانیوال۔ 0300-6899357 ادارہ روحانیات

یازدھم منزل سعد اخبیہ

یہ چار ستارے باہم متصل وقاع ہوئے ہیں۔ دو ستارے طول اور دو عرض میں مثل پائے ربط کے کہ ان میں ایک سعد ہے اور وہی نورانی ہے۔ باقی ستاروں کا نام اجیہ ہے۔ زمانہ وفا کے پیشتر اس کا طلوع ہوتا ہے۔ وفا اس وقت کو کہتے ہیں جبکہ جاڑے کا خوف دور ہو جاتا ہے۔ اس کے طلوع ہوتے ہی درندگز نداور حشرات الارض ظاہر ہونے شروع ہوتے ہیں۔ شعر

قد جاء سعد موعدا البشرہ

مخیرۃ جنودہ بحرہ

گویا درندے اس کے لشکر ہیں۔ پچیسویں ماہ شباط کی شب کو طلوع کرتا ہے۔ چوتھی تاریخ آب شب کو غروب ہوتا ہے۔ ساجع کہتا ہے کہ جب یہ طلوع ہوتا ہے تو آدمیوں سے مکانات خالی ہو جاتے ہیں۔ نوء اس کی محمود ہے، لوگ جاڑے میں جس قدر خشک ہوتے ہیں اس فصل میں شگفتگی سے بدل جاتے ہیں۔ اس کے طلوع میں بارش بکثرت ہوتی ہے اور انگوروں کی خرابی آتی ہے۔ خوشے ٹوٹ ٹوٹ کر گر جاتے ہیں۔ اس کے مقابل منزل زبرہ ہے۔ سعد اخبیہ کی تصویری شکل اسطرح ہے۔



دوازدھم منزل فرع اول

اس کا نام فرع اوّل ہے۔ دلو کے اوّل واقع ہے۔ چار ستارے ہیں، دو کو فرع اوّل اور دو کو فرع آخر کہتے ہیں۔ فرع دلو درمیان عرقوبین کے گرتا ہوا نظر آتا ہے۔ فرع اوّل کا طلوع بیسویں ماہ آذر کی شب کو اور غروب ایلول کی نویں شب کو ہوتا ہے۔ ساجع کے نزدیک اس کے طلوع ہوتے وقت رطب یعنی انگور خشک ہو جاتا ہے۔ لوگ عورتوں کے نگاہ اور صحبت داری کی طرف زیادہ توجہ کرتے ہیں۔ یہ ستارہ بہت مبارک ہے۔ جمرۂ ثالثہ میں طلوع ہوتا ہے۔ بادام، سیب زرد آلو کا انعقاد ہوتا ہے۔ اس کے غروب کے وقت میں بیمار ہلاک ہو جاتے ہیں۔ اس کے مقابل منزل صرفہ ہے۔ فرع اول کی تصویری شکل اسطرح ہے۔



سہ ازدھم منزل فرع ثانی

تعریف اس کی فرع اوّل کے ضمن میں لکھ چکے ہیں۔ اس کا طلوع بائیسویں آزار کی شب کو اور غروب بائیسویں ایلول کی شب کو ہوتا ہے۔ یہ مبارک ستارہ ہے ان دونوں فرع کا طلوع اور غروب آغاز سرما میں اور انجام آخر سرما میں ہوتا ہے۔ فرع آخر کے غروب کے وقت حجاز اور تہامہ متعلقات یمن میں درخت کاٹے جاتے ہیں اور غورہ بناتے ہیں اور شہد نکالا جاتا ہے۔ اس کی فصل میں آخر بارش جاڑے کی ہوتی ہے۔ جنگل میں گھاس کی کثرت ہوتی ہے۔ بیر اور باقلا بہت پیدا ہوتا ہے۔ رات دن برابر ہونے لگتا ہے۔ اس کے مقابل عوا ہے چونکہ کیفیت اس کی بھی صورت مانند فرع اوّل کے ہے۔ لہٰذا اعادہ ضروری نہ سمجھا۔

چہار ازدھم منزل بطین

اس منزل میں ستارے بکثرت ہیں اور ایک مچھلی کی صورت پر واقع ہیں۔ جس کی دُم یمن کی طرف ہے اور سر شام کی جانب اس کو ارشا بھی کہتے ہیں۔ اور اس کے دو وصف ہیں۔ مقدم اس کا مغرب کی طرف اور مؤخر اس کا مشرق کی طرف ہے۔ اس کی صف اوّل میں ایک ستارہ زیادہ تر روشن ہے۔ صف آخر کے حصہ میں ایک ستارہ نہایت چمکتا ہوا نظر آتا ہے اور اس منزل کا حساب اسی ستارے پر ہے۔ طلوع اس کا چوتھی نیسان کی شب کو اور غروب پانچویں تشرین الاوّل کی شب کو ہوتا ہے۔ اس کے غروب کے وقت میں پانی تہہ زمین میں پہنچتا ہے اور اس کے غروب کے بعد دوبارہ نئے سرے سے جملہ امور شروع ہوتے ہیں۔ جس پر سال گذشتہ میں ہوتے تھے۔ ساجع کہتا ہے کہ بطن الحوت کے طلوع ہوتے ہیں۔ خلق اللہ میں تحریک ہوتی ہے۔ مخصوص دریائے مخلوقات حرکت میں آتے ہیں۔ اس وقت صیاد عزم شکار کرتے ہیں۔ اس کے مقابل منزل سماک ہے۔ بقیہ صفحہ نمبر 29 پر

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تسدیس زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	10	08:49 تا 11:05	16:44 تا 19:00	شمال مشرق	23:21 تا 00:13	شمال

دوستی اور محبت پیدا کرنا

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نظر کے تحت دوستی اور محبت پیدا کرنے کے لیے عمل کیا جاتا ہے ایسے شخص جو کہ عرصہ دراز سے کسی کو چاہتے ہوں مگر اُس سے اظہار نہ کر سکتے ہوں۔ دیئے گئے عمل سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(**عمل**) مقررہ وقت پر اول آخر درود شریف 20 بار پڑھیں لیکن اس سے قبل اپنے منہ میں پانی بھر لیں تمام عمل دل ہی دل میں پڑھا جائے گا درود شریف پڑھنے کے بعد 20 بار **یا بدوح** پڑھیں آخر میں اس پانی کو کسی پاک صاف برتن میں نکال دیں اور جس شخص کو اپنا مطیع و فرمانبردار بنانا ہو اس کے چند قطرے کسی بھی چیز میں ملا کر اُس کو پلا دیں۔ تا حیات وہ شخص تابع رہے گا، مگر اس راز کو کسی سے نہ کہیں ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔

نقش بنانے کے لیے عدد 20 میں طالب اور مطلوب کے نام مع والدہ کے شامل کریں، مخمس آبی، بادی پیتل کی مختی پر کریں اس مختی کو مختلف رنگوں کے کپڑے میں لپیٹ کر عطر اور گلاب کی خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں مطلوب کے سامنے جاتے ہی 20 بار **یا بدوح** سانس اندر کی جانب کھینچتے ہوئے پڑھیں اول آخر درود شریف 1 بار پڑھا جائے گا۔ سانس باہر نکالتے ہوئے مطلوب کے چہرے کی جانب پھونک دیں حیرت انگیز نتائج برآمد ہونگے انشاءاللہ۔

شمس تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	11	09:57 تا 11:05	12:13 تا 13:20	شمال	19:51 تا 20:43	مشرق

محبت الفت پیدا کرنا

(مقصد عمل) آپ اس دوران آج کسی ایسے شخص کے دل میں اپنی محبت الفت پیدا کر سکتے ہیں جو کہ کسی محکمہ میں اعلیٰ افسر ہو یا کسی ایسے بڑے عہدے پر فائز ہو کہ اس کے اس عہدے سے آپ اپنا کام نکلوا لیں یا کسی سے آپ قرض لینا چاہتے ہو اور وہ شخص قرض دینے کے لیے تیار نہ ہو اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) ایک تسبیح درود شریف + 1 تسبیح استغفار + سورۃ النصر 240 بار + یا ودود 200 بار + 1 تسبیح درود شریف دعا مقصد یعنی اپنے مقصد کی دعا کریں۔ کسی سفید کاغذ پر دعا سورۃ النصر ایک بار لکھیں نیچے اسم اعظم یا ودود 20 بار لکھیں آخر میں مقصد عبارت تحریر کریں مثلاً یا الٰہی (اپنا نام مع والدہ) کی خصوصی محبت (جس سے کام لینا ہے اسکا نام مع والدہ) کے دل میں فوری پیدا فرما دے۔ روزانہ بعد نماز فجر 20 بار یا ودود اول آخر درود شریف 20 بار پڑھ کر اس کاغذ پر پھونک ماردیں بعد تحریر اس کاغذ کو لپیٹ کر ہوا میں لٹکا دیں۔ ہر روز فجر کی نماز کے بعد مقررہ تعداد اسم اعظم پڑھ کر پھونک دیں۔

شمس تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	14	06:36 تا 07:43	17:48 تا 18:55	جنوب مغرب	21:34 تا 22:27	مغرب

بندش روزگار ختم کرنا

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کیلئے عمل کیا جا سکتا ہے۔

(عمل) آج کے اس عمل میں اسم اعظم **یا باسط** 720 بار کریں اگر نقش بنانے نے کے فن سے واقف ہیں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم **باسط** 72 ہیں۔ اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں۔ نقش خاکی چال اپنے پاس رکھیں۔ باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں۔ روزانہ ایک چھوہارا لیں اور نہار منہ اس چھوہارے پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھا لیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دعا کریں۔ ان چھوہاروں کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار **یا باسط** پڑھا جائے۔ ہر

قسم کی بندش ختم ہونے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

زہرہ تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	17	08:51 تا 09:58	13:18 تا 14:25	شمال مغرب	20:39 تا 21:32	شمال مشرق

دشمن کو تباہ و برباد کرنا

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لیے یا اُس کے کاروبار کو بند کرنے کے لیے عمل کر سکتے ہیں یاد رہے کہ معمولی رنجش کی بناء پر یہ عمل کرنے والا خود بڑی مُصیبت میں گرفتار ہو جائے گا عمل صرف ایسی جگہ کیا جائے کہ جو شخص ناجائز طریقہ سے کمائی گئی مال و دولت کے سر پر غرباء اور شریف لوگوں کو بلاوجہ تنگ کرتا ہے۔

(عمل) اس وقت سے قبل ان جگہوں کی مٹی حاصل کر لیں، گدھے کے لیٹنے کی جگہ کی مٹی + عیسائی قبرستان کی مٹی + کھنڈر مکان کی مٹی + فقیر کی جھونپڑی کی مٹی + مسلمان قبرستان کی مٹی + صحرا کی ریت + خودکشی سے مرنے والے کی قبر کی مٹی کو ایک جگہ جمع کر لیا جائے اوپر دیئے گئے وقت اور سمت کے مطابق 80 بار سورۃ تبت یدا بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے پڑھی جائے اس مٹی کو جس شخص کو تباہ و برباد کرنا ہو اُس کے دوکان یا مکان میں ڈال دی جائے وہ شخص جلد ہی تباہ و برباد ہو جائے گا ناجائز عمل کرنے والا یا کسی کو ناحق تکلیف پہنچانے والا اس عمل کے اثر سے چند دن میں ہی خود تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔

مریخ تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	18	10:10 تا 12:18	17:51 تا 19:51	شمال مشرق	00:18 تا 02:06	شمال

امراض کی تشخیص

(مقصد عمل) ایسے امراض جو کہ ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہوں یا اُن امراض کی تشخیص صحیح نہ ہوتی ہو آج کے عمل سے فائدہ لیا جا سکتا ہے۔

(عمل) درج ذیل حروفوں کو لوہے کے ٹین پر لوہے کے قلم (کیل) سے کندہ کیا جائے اور اس ٹکڑے کو 7 مسجدوں کے پانی اور آب زم زم ملا کر پیتل کے برتن میں رکھ دیا جائے اس برتن سے یہ پانی مریض کو 21 روز تک پلایا جائے تو انشاللہ لاعلاج مرض بھی ٹھیک ہو جائے گا وہ طلسماتی حروف جن سے کام لیا جاتا ہے وہ یہ ہیں ''ا ح ح ح ط ك ل م ن و س ص ه ی'' اس لوہے کی لوح کے آخر میں مرض کا نام اور مریض کا نام دعائیہ انداز میں اسطرح تحریر کریں کہ یا الٰہی فلاں بن فلاں کو فلاں مرض سے نجات دلا دے اور شفا بخش دے۔

مریخ تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	21	06:49 تا 07:55	14:28 تا 15:33	جنوب مغرب	21:33 تا 22:28	مغرب

خون کی کمی

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت ایسے افراد جن کی فصل کسی بیماری کی وجہ سے خراب ہو جاتی ہو یا وہ افراد جو کہ زیادہ عمر ہونے کے باعث خون کی کمی کا شکار ہوں یا وہ افراد جن کے دل میں بزدلی اور خوف بے انتہا ہو سیاروں کی اس نظر سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) عمل کے لیے دو انچ لمبائی چوڑائی کا ٹین کا ٹکڑا لیں اس کے کنارے گول کرنے کے بعد ان پر **یا حیی یا ممیت** اسمائے حسنیٰ اس طرح تحریر کریں کہ پہلے ان اسمائے حسنیٰ کے ایک ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ ایک دوسرے کے فاصلے سے لکھیں۔ مثلاً ح ی ی م م ی ت ان حرف میں اپنا مقصد مثلاً ''دفع بیماری'' ہے تو اس نام کے حرف کو بھی ایسے ہی الگ الگ کر کے ایک حرف کے بعد لکھ دیں جو اس طرح سطر بنے گی **ح د ی ف ی ع م ب م م ی ا ت ری** اسی وقت میں ان دونوں اسمائے حسنیٰ کو ملا کر 1100 بار ورد کریں اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں اور اس لوح پر پھونک دیں فصل کی خرابی کا ڈر خوف ہو تو کھیت میں اس لوح کو لٹکا دیں خون کی کمی بزدلی اور خوف کی کیفیت ہو تو سیدھے بازو پر اس لوح کو باندھ لیں بعد عمل روزانہ ان دونوں اسمائے حسنیٰ کا ورد 108 بار کریں انشاللہ دوبارہ نہ تو فصل خراب ہوگی اور نہ ہی خون کی کمی ہوگی اور نہ ہی دل میں بزدلی اور خوف کی کیفیت ہوگی یاد رہے کہ لوہے کی سختی پر یہ لفظ لوہے کی قلم (کیل) سے کندہ کیے جائیں۔

مشتری تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
اتوار	27	10:10 تا 12:15	17:37 تا 19:37	مشرق	00:15 تا 02:06	جنوب مشرق

سخت مزاج کو نرم کرنا

(مقصد عمل) افسران بالا یا سخت مزاج شخص کو نرم کرنے کے لیے عمل مفید ہے۔

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

ادارہ روحانیات

(عمل) سواپاؤ بھنے ہوئے چنے لیں ہر چنے پر **الحمد شریف** 1 بار دیئے گئے وقت میں پڑھیں۔ آخر میں سواپاؤ برفی پر فاتحہ حضور اکرمؐ اور ارواح مقدسہ کی دلوائیں۔ پڑھے ہوئے چنے کا حلوہ بنا کر کسی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس کو اپنے لیے مسخر کرنا ہو۔ روزانہ 101 بار الحمد شریف بعد نماز فجر پڑھیں، پڑھتے وقت مکمل توجہ اور دھیان مطلوبہ شخص کی جانب رہے مدت عمل 11 روز ہے۔ بعد عمل سواپاؤ چنے اور برفی پر نیاز دے کر بچوں میں تقسیم کردیں۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	27	07:48 تا 08:53	13:14 تا 14:19	مشرق	22:19 تا 23:14	جنوب مشرق

خاتمہ جادو

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نظر میں جادو کے خاتمہ کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے یعنی کوئی بھی شخص جس پر کوئی کالا یا سفلی علم ہوا ہو اور وہ شخص مسلسل ناکامی مایوسی کا شکار ہو کہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی اس جادو کا توڑ نہ ہو رہا ہو۔

(**عمل**) اس نظر میں سفید چینی کی پلیٹ پر مع تعوذ و تکبیر' آخری دو قل لکھیں زعفران کی سیاہی استعمال کریں اور آب زمزم سے اس پلیٹ کے نقش کو دھو کر بوتل میں محفوظ کرلیں اس پانی کو 14 روز بلاناغہ اذان عصر استعمال کریں پانی پینے کا طریقہ اس طرح ہو کہ **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ اللہ اکبر** اور اس کے بعد آخری دو سورۃ مبارکہ (سورۃ الفلق' سورۃ الناس) پڑھ کر پھونک دیں پہلا گھونٹ پینے کے بعد 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور دوسرا گھونٹ پینے کے بعد پھر 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پر بھی 3 بار تعوذ اور تکبیر کا ورد کریں اس پانی کو مسلسل 14 روز تک استعمال کریں پانی پینے کے بعد دونوں ہاتھوں کو گیلا کرلیں اور پورے جسم پر پھیر لیں انشاء اللہ جلد ہی جادو کے اثرات ختم ہونگے عمل کے آخری دن 72 روپے کی شیرنی بچوں میں تقسیم کردیں۔ نقش بنانے کے لیے 5296 کا مربع آتشی درج بالا طریقہ کے مطابق بنا کر استعمال کریں انشاء اللہ جلد ہی جادو کا توڑ ہوگا۔

اوج مریخ

سیارہ مریخ اپنے درجہ اوج پر تقریباً 18 ماہ بعد پہنچتا ہے۔ وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں مریخ کمزور ہے یا وہ لوگ جن کو خرابی خون، امراض معدہ، بخار، پھوڑے پھنسے، یا جن پر خوف دہشت، جادو ٹونے، سفلی اور بداعمال مسلط ہیں یا وہ افراد جن کو پٹھوں کی کمزوری اکثر لاحق رہتی ہے۔ قوت مردی میں کمی جیسے امراض میں مبتلا تمام افراد شرف مریخ کی اس سعد قوت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس سال اوج مریخ 17 اگست بروز جمعرات 18:24 تا 19 اگست 08:00 رہیگا۔ اس دوران مکتبہ روحانیات خاص طور سے اوج مریخ سے متعلقہ الواح، نگینہ اور طلسمات، انگشتری تیار کی جاتی ہے۔ وہ افراد جو کہ شرف مریخ کے موقع پر خود الواح، نقوش نگینہ جات تیار کرنا چاہئیں۔ مریخ کی اوجی ساعتوں میں درج بالا امور بارے مدد لے سکتے ہیں۔

ساعت اول:۔ 17 اگست بروز جمعرات 21:32 تا 22:25

ساعت دوئم:۔ 18 اگست بروز جمعہ 03:45 تا 04:38

ساعت دوئم:۔ 18 اگست بروز جمعہ 11:05 تا 12:11

درجہ بالا تینوں ساعتوں میں سمت رجال الغیب شمال مشرق اختیار کریں۔

ساعت دوئم:۔ 18 اگست بروز جمعہ 18:51 تا 19:44

ساعت دوئم:۔ 19 اگست بروز ہفتہ 01:05 تا 01:58

ساعت دوئم:۔ 19 اگست بروز ہفتہ 07:45 تا 08:00

درجہ بالا تینوں ساعتوں میں سمت رجال الغیب شمال اختیار کریں۔

حالت قمر

قمر در عقرب: 26 اگست 13:52 تا 29 اگست 00:47

ھبوط قمر: 26 اگست 17:43 تا 20:26

قمر در ثور: 13 اگست 15:39 تا 15 اگست 19:05

شرف قمر: 13 اگست 19:08 تا 20:52

شادی بیاہ کی تاریخیں

3.6.7.8.9.10.13.14.15.16.20.22.23.29

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات' صبح 10 تا 01 بجے دوپہر فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کرسکتے ہیں۔

0300-6351192

قارئین تحفہ روحانیات جب بھی کوئی نقش تحریر کریں تو نقش کی دوسری جانب طلسم لازمی بنائیں۔ **ادارہ روحانیات**

زکات حروف تہجی
چاند و سورج گرہن

تحریر:۔ عزیز الرحمٰن سروری قادری (حیدر آباد)

الحمدللہ! حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر لاکھوں، کروڑوں اربوں، کھربوں درود و سلام پیش کرنے کے بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ ماہنامہ تحفہ روحانیات کے تمام قارئین کرام کو اللہ پاک اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

قارئین کرام کے پُر جوش اسرار پر گرہن اور زکات حروفی تہجی پر مضمون لکھنے کیلئے ہر چند فون کالیں موصول ہوئیں کہ آپ مضمون لکھیں لہٰذا طبیعت ٹھیک نہ رہنے کی وجہ سے صرف گرہن کے اوقات کیلئے میں نے کوشش کی ہے۔

قارئین کرام علم نجوم اور علم الجفر کے حوالے سے چاند و سورج گرہن کے بہت سارے فائدے و نقصانات ہیں لیکن میں کم علمی کی وجہ سے تحریر نہیں کر پاتا اور بالخصوص میرے پاس وقت کی کمی ہے۔ ایک تو طبیعت ٹھیک نہیں رہتی، دوسری وجہ دنیاوی اور روحانی مصروفیات بھی زیادہ ہیں۔ الحمدللہ کہ وقت نکال کر گرہن کے اوقات میں زکات حروف تہجی کے ساتھ قارئین کرام کی خدمت میں حاضر ہوں۔ قارئین کرام گرہن کے اوقات میں علم جفر کے مطابق حروف صوامت کی زکات کے درجن سے بھی زائد طریقے رائج ہیں۔ جس میں طرح طرح سے عاملین حضرات زکات ادا کر کے حروف صوامت اور گرہن کے اوقات سے فائدہ اٹھا کر حروف مقطعات اور حروف صوامت کے عامل ہو جاتے ہیں۔ میرے خیال میں گرہن کے اوقات میں حروف صوامت کی ادائیگی یا زکات کا یہ طریقہ درست نہیں ہے۔ لہٰذا اس میں طالب علم یا عامل کے روحانیت، رزق و دولت، صحت و تندرستی، مال و معاش، روزگار اور جسم میں حیرت انگیز طور پر ایک عجیب و غریب بندش ہو جاتی ہے اور وہ ہمیشہ کے لئے بندش کے سخت قسم کی رجعت کا شکار ہو جاتا ہے اور تاحیات اس تمام قسم کی بندش میں پامال و پریشان رہتا ہے اور اس کے ذہن میں طرح طرح کی مایوسی کے خیال جنم لیتے ہیں کہ شاید مجھ پر کسی نے سفلی علم سے بندش کروادی ہے۔ اس لئے میرے علم و عمل میں اور روزگار میں برکت و اضافہ نہیں ہوتا۔ الحمدللہ! مجھ حقیر کو جو اُستادان و علماء کرام سے علم حاصل ہوا ہے اس میں حروف تہجی، حروف نورانی، حروف ناطق، حروف صوامت، حروف ظلمانی، حروف طلسماتی اور مربع و مثلث کے کامل و افضل طریقہ زکات ادا کرنے کا انداز و بہتر طریقہ موجود ہے۔ جس میں عامل یا طالب علم کے جسمانی و روحانی سوچ میں کسی طرح کا خلل پیدا نہیں ہوتا۔ قارئین کرام گرہن کے اوقات میں حروف ابجد کے عامل ہونے کے لئے حروف نورانی اور آیات غوث کا عامل ہونا لازمی ہے۔ اس کے بعد کسی بھی عامل کامل سے اجازت طلب کر کے گرہن کے اوقات میں زکات ادا کر کے فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔

طریقہ زکات حروف تہجی

اَبْجَدْ ھَوَّزَحْ طِیْکَلْ
مَنْسَعْ فَقَصْرْ شَتَثَخْ ذَضَظَغْ

قارئین کرام جب بھی چاند و سورج گرہن لگے گرہن کے عین وسعت میں حروف تہجی اُٹھائیں۔ 28 مرتبہ سرخ سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھیں اور پڑھیں لیں۔ اس زکات کو مکمل کرنے میں کم از کم پانچ سال اور زیادہ سے زیادہ سات سال کا عرصہ درکار ہوتا ہے اس میں یہ فائدہ ہے کہ جیسے جیسے گرہن کراس ہوتے جائیں گے عامل کی روحانی قوت میں اضافہ ہوتا جائے گا۔ اس عمل کی برکت سے رجوع خلق، تسخیر خلق، تسخیر مسورات، تسخیر عام و خاص، تسخیر جنات، تسخیر مؤکلات، تسخیر دیو و پری، تسخیر ہمزاد، تسخیر ملائکہ و اَرواح کے لئے بے حد مؤثر عمل ہے۔

اس کے بعد عامل ہر قسم کا نقش، لوحِ مبارکہ، حروف مقطعات، حروف تہجی، لوحِ قرآنی قل قرآن الحکیم، کہ اسم مبارک آیات مبارکہ یا سورۃ مبارکہ کا عمل یا نقش با آسانی تیار کر سکتا ہے۔ زکات کے مکمل ہونے کے بعد آپ حروف مقطعات، حروف تہجی، حروف نورانی، حروف صوامت، حروف ناطق، حروف ظلمانی، حروف طلسماتی، مربع اور مثلث کے عامل کبیر ہو جائیں گے۔ زندگی اور دنیا بدل جائے گی۔ عامل کے اندر قوتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اللہ پاک قارئین کرام کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

پشاور اور اسے کے گرد و نواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

زہرہ
تربیع
مشتری

شمس
قران
عطارد

مخالفین کچھ نہ بگاڑ پائیں
اولاد کو ذہین کیسے بنائیں
ان شاء اللہ طلاق نہ ہوگی

تحریر:۔علامہ سبط حسن جعفری (گوجرہ)

السلام علیکم! تمام مومنین کو میری جانب سے پُرخلوص دعائیں آپ کی دعاؤں کی بدولت صدقہ بیمار کر بلا اللہ تعالیٰ نے مجھے شفا عطا فرمائی ورنہ گزشتہ دنوں سخت طبیعت خراب تھی ظاہری بات ہے کہ عمر کا تقاضا بھی ہے میری عمر میں ہر شخص کو بیماریاں لگ جاتی ہیں۔ شاید ہی کوئی ایسا شخص ہو جو کہ جسمانی امراض سے بچا ہوا ہو تندرست ہو۔ ورنہ بچہ پیدا ہوتا ہے اور بیماریوں کا ایک طویل سلسلہ شروع ہو جاتا ہے جس کی بڑی وجہ آج کے دور میں جدید ٹیکنالوجی سے نکلنے والی خطرناک شعاعیں، گھٹیا ترین خوارک، گندے پانی سے پیدا ہونے والی سبزیاں اور پھل، حرام مردار جانوروں کی ہڈیوں سے نکالا ہوا تیل، لکڑی کے برادے، چھلکوں سے بنائے گئے مصالحہ جات، مصنوعی گوشت یعنی 22 دن میں تیار مرغی کیمکل سے بنے مرغی کے انڈے، پلاسٹک سے بنے چاول، پلاسٹک سے بنی ہوئی بند گوبھی اور فروٹ، اور تو اور پچھلے دنوں دیکھا کہ اصل تربوز کا چھلکا اتار کر پیالہ نما بنایا کیمکل اور ایسنس سے بنا ہوا جوس اور سرخ رنگ اس میں ڈالا 40 منٹ کیلئے فریج میں رکھا۔ پھر پھانکوں کی شکل میں چھری سے کاٹ کر مہمانوں کو پیش کر دیا۔ جس طرح نہ اب غذائیں خالص رہیں اسی طرح نہ اب بندے خالص رہے۔

اسی طرح اب انسانوں کے رویوں میں بھی تبدیلی آ گئی مصنوعی ہنسی، مصنوعی غم، مصنوعی مشکلات تو نہ رہی گئی لیکن یہ سب چیزیں مصنوعات خالص ہو کر ہماری زندگی سے چپک گئی یعنی ہر بندہ پریشان، بدگمان بیزار نظر آتا ہے۔

بعض گھروں میں نیک خاتون اور تعلیم یافتہ بیوی کو سولی پہ لٹکا رکھتے ہیں۔ پاکبازی سے اپنے گھر اور خاندان کو خوبصورت بنائیں ہر وقت ایک جہنم کا گڑھا بنائے رکھنا بہت سے شوہروں اور ان کے والدین کا شیوہ ہوتا ہے یہ کم ظرف اور جاہل لوگ اچھے خاندان کی بیٹی کو ٹی بی کا مرض لگا دیتے ہیں اور وہ پاکباز خاتون اپنے خاندان کی رسوائی کے خوف سے ہر وقت سلگتی لکڑی کی طرح سلگتی رہتی ہے۔

لکڑی جل جل کوئلہ بنی کوئلہ جل جل راکھ
میں نمانی کچھ ایسی جلی نہ کوئلہ بنی نہ راکھ

عورت اس کائنات میں ایک ایسا وجود ہے کہ اس کے بغیر کوئی خاندان مکمل نہیں ہوتا۔ اس وجود نے اگر ایک طرف ماں کہلانا ہے تو دوسری طرف بیوی بن کے رہنا ہے اگر یہ مطمئن ہوگی تو صحت مند اولاد پیدا کرے گی اور اگر پُرسکون ہوگی تو گھر کو جنت بنا کے دکھا دے گی۔ لیکن آج کل عجیب صورتحال سامنے آ رہی ہے کہ اس متبرک رشتے کو پامال کیا جا رہا ہے۔ بیوی بنا کر لانے والے اس کے ساتھ غلاموں جیسا سلوک بھی کرتے۔ میں نے آج تک کسی گھر میں اس گھر کی نوکرانی کے پٹتے نہیں دیکھا لیکن بیوی کو پٹتے دیکھا ہے کیا بیوی مار کھانے کیلئے چھ کلمے پڑھ کر لائی جاتی ہے۔

اگر نہیں تو پھر بیوی کا مقام کیا ہے؟

شادی سے پہلے اعلیٰ تعلیم اور بہترین ہنرمندی کے جوہر دکھانے والی لڑکی اپنے والدین کی آنکھوں کا سکون اور بھائیوں کا لاڈ پیار۔ چھیڑ چھاڑ اور ہنسی مذاق کے پھول نچھاور کرنے والی کو آنسوؤں کی بھٹی میں جھونک دینا کہاں کی جوانمردی ہے اور ہمارے ملاؤں کے چھوڑے ہوئے اس شوشے میں کہاں تک حقیقت ہے کہ اگر ایک ہی سانس میں تین مرتبہ شوہر نے طلاق طلاق کہہ دیا تو بیوی کو فوری طور پر طلاق ہو جائے گی۔ اور دوبارہ شادی کرانے کے لئے وہ مولوی صاحب کی بیوی بن کر دوبارہ مولوی سے طلاق لے کر پھر پہلے شوہر سے شادی کے قابل ہوگی۔ یہ آج کے لوگوں کی جانب سے طے کردہ فیصلہ ہے۔ درحقیقت اسلام تو یہ کہتا ہے کہ جب تک دوسرا شوہر چاہے غیر مشروط طور پر اس عورت سے نکاح کرے جو کہ مطلقہ ہو پھر اپنی مرضی سے اُسے چھوڑ دے اب پہلا شوہر اس سے نکاح کر سکتا ہے۔ جبکہ آج کے معاشرہ میں باقاعدہ طور پر منصوبہ بندی کی جاتی ہے کہ اچھا طلاق ہوگئی تو اس طرح سے اُس سے دوبارہ نکاح کر لیتے ہیں بلکہ بعض خود غرض لوگ ایسے بھی ہیں اپنا عقیدہ مسلک کوئی اور رکھتے ہیں اگر ایک وقت میں تین طلاق دے دیتے ہیں تو کسی دوسرے مسلک کے مفتی صاحبان سے جا کر فتویٰ لکھوا دیتے ہیں جن کے نزدیک ایک وقت میں ایک سے زیادہ جتنی بار بھی طلاق کا لفظ استعمال کیا جائے اُسے ایک شمار کیا جائیگا پھر 3 ماہ 10 دن گزرنے کے بعد دوسری طلاق دی جائے اور اسی طرح تیسری۔ آج کل کے دور میں لوگوں نے اپنے اپنے فائدے کے تحت دین

کے اصولوں کو بھی موڑ توڑ لیا ہے۔ جبکہ قرآن میں طلاق دینے کے عمل کو اللہ تعالیٰ نے ناپسندیدہ فعل قرار دیا ہے لیکن اس کے ساتھ طلاق کی اجازت بھی دی ہے مگر اس صورت میں کہ اگر دونوں ایک ساتھ رہنا کسی بھی وجہ سے مشکل ہو لیکن اس کیلئے بھی اللہ نے چند شرائط رکھی ہیں طلاق محض ایک مذاق نہیں اس لئے حکم دیا ہے کہ جیسے شادی کے وقت گواہ موجود تھے اس طرح طلاق کے وقت بھی گواہوں کی موجودگی اور وہ بھی غیر جانبدار گواہوں کی موجودگی کا ہونا شرط ہے۔ یہاں قدرت کی دانائی اور حکمت دیکھئے کہ نکاح میں ایک وقت ایک ہی گواہ کی موجودگی ضروری ہے لیکن طلاق کیلئے تین گواہوں کی موجودگی ضروری ہے اور اللہ تعالیٰ نے تین ماہ کا وقفہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ناسمجھ لوگوں کو آسانی سے تین ماہ میں طلاق دینا آجائے جبکہ یہاں معاملہ ہی کچھ اور ہے۔

اس ماہ کا یہ سنہری وقت ان خواتین کے لئے بیش قیمت وقت ہے جن کی اعلیٰ اخلاقی قدریں اعلیٰ تعلیم اور اچھا خاندان صرف ایک جملے کی نذر ہونے کی دھمکی کی وجہ سے مسلسل عذاب بنا رہتا ہے اور ان کو راہ نجات نہیں ملتی تو آیئے آج کی تعلیم میں اپنی طلاق اور جسمانی و ذہنی اذیتوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے اسباب قدرت کی مہربانی اور اسباب بروئے کار لا کر خوش اور مطمئن زندگی کی جان قدم بڑھائیں۔

یہ عمل سورہ طلاق آیت نمبر 2 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ آیت ''**ومن یتق اللہ یجعل**'' سے کر ''**قد جعل اللہ لکل شیء قدیر**'' تک کے اعداد ابجد کے حساب سے 380 حاصل ہوتے ہیں اس کا نقش بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ جسے طلاق ہونے کا اندیشہ ہے اس کا نام معہ والدہ کی تعداد میں جمع کریں اب کل تعداد سے 30 عدد قانون کے نفی کر دیں بقیہ حاصل اعداد کو چار پہ تقسیم کریں حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر اگلے خانوں میں ایک ایک اضافہ کرتے ہوئے بھرتے چلے جائیں۔ آپکی آسانی کیلئے سورہ کی تعداد کا نقش بنا کر دکھا رہا ہوں ذرا غور سے سمجھیں تو کوئی مشکل نہیں ہے۔ بس تھوڑی سے توجہ اور اہمیت چاہیے۔ اگر پھر بھی نہ بنا سکیں تو تحفہ روحانیات کے آفس فون کر کے اپنا نام مع والدہ کا نام لکھوائیں تاکہ دفتر سے تیار کر کے روانہ کیا جائے۔

یہ نقش ایسی خواتین وحضرات یا بیٹے اور بیٹیوں کے والدین قبل از وقت تیار کروا کر رکھ سکتے ہیں جن کو خدشہ ہو کہ ان کے درمیان طلاق یا علیحدگی نہ ہو جائے یا وہ بیٹیاں یا بیٹے جن کے شریک حیات ناراض ہو چکے ہوں اور ناراضگی کے سبب اپنے والدین کے گھر جا کر بیٹھ گئے ہوں خدشہ ہو کہ کہیں طلاق نہ ہو جائے۔

طریقہ : ۔آیت کے اعداد 6380 نفی 30 بقایا 6350 ÷ 4 = حاصل قسمت 1587 باقی 2 بچ گئے۔ اس کے بھرنے کا طریقہ بتانے سے پہلے یہ بتا دوں کہ اگر کل تعداد کو چار پر تقسیم کرنے سے 1 بچ جائے تو خانہ 13 میں اگر 2 بچ جائے تو خانہ نہم میں اور اگر 3 بچ جائے تو خانہ پنجم میں ایک عدد کا مزید اضافہ ہوگا۔ جیسا کہ اس وقت 2 بچ گئے ہیں تو ہمیں خانہ 9 میں ایک عدد بڑھانا ہے موجودہ نقش کی کوئی بھی لائن دائیں بائیں یا اوپر سے نیچے اور کنارہ شمار کریں آپ کو کل تعداد 6380 ہی ملے گی اس طرح آپ کو اپنے نام کی تعداد کے بعد حاصل مجموعہ ملنا چاہیے وقت سے پہلے پنسل کے ساتھ نقش بنا لیں اور تجزیہ کیلئے سنبھال رکھیں۔ وقت مقررہ پر بخور مشتری وعطارد سلگائیں اور سفید لباس پہن کر تنہا کمرہ میں بیٹھ کر نقش بھریں۔ اتنی تفصیل کے باوجود اگر آپ نقش بھرنے کا حوصلہ نہ رکھتے ہوں تو دفتر سے رجوع کریں اور وقت کی قیمت ادا کر کے نقش بنوالیں۔



شمس عطارد قران

دماغی اور ذہنی قوتیں پیدا کرنے اور یاداشت کی کمزوری دور کرنے کیلئے

شمس وعطارد جب ایک ہی برج پر اپنے سفر کے دوران ایک جیسے یعنی ہم پلہ درجات پہ سفر کر رہے ہوں تو اسے عربی زبان میں قران کہتے ہیں یہ لفظ اپنے معنی میں قربت کا مفہوم رکھتا ہے۔

شمس اپنی روشنی تمام کواکب میں بانٹتا ہے یہ امیر دیکھتا ہے نہ غریب، جو سامنے آتا ہے اپنی سخاوت سے اسے مالا مال کر دیتا ہے شمس کا کنٹرول انسانی جسم میں دل کی تقویت اور دل میں خواہشات کو ابھارنے سے متعلق بھی ہے۔

شمس بادشاہ فلک ہے تو عطارد شمس کا لاڈلا ہے یہ ذہین وزیر کا درجہ رکھتا ہے اور انسانی وجود میں دماغی قوت اور ذہن کو روشن کر کے علمی معاونت کرتا ہے ۔یہ ذہنی قوتوں کو ابھارتا ہے اور دماغ کیلئے ایسی طاقتیں فراہم کرتا ہے کہ دنیا کی کوئی بھی دوائی اس کی رضامندی کے بغیر تاثیر میں خوبی نہیں پکڑتی۔

یہی وجہ ہے کہ جب ان دونوں کا کسی ایک برج پہ اکٹھے سفر شروع ہوتا ہے اس وقت عاملین حضرات ایسی آیات کو نقش پہ لکھ لیتے ہیں ۔کہ جن میں ذہانت اور دماغی قوتوں کو ابھارنے کا حکم موجود ہوتا ہے جس کی وجہ سے نقش کو گلے میں پہننے والا دماغی طور پر بیداری حاصل کرنے لگتا ہے ۔میرا معمول ہے کہ میں زیادہ تر اللہ کے رسولوں کی طلب کی ہوئی دعاؤں کا انتخاب کرتا ہوں ۔کیونکہ پیغمبر کی دعا ضمانت کا درجہ رکھتی ہے جس کی تصدیق قرآن پاک میں موجود ہوتی ہے ۔جیسا کہ آج کی نشست میں آنحضرت کی طلب کی ہوئی دعا ''**رب زدنی علما**'' سے ہم نے اپنی مراد حاصل کرنا ہے آپ جانتے ہوں گے کہ اس دعا کی قبولیت اللہ تعالیٰ کے ہاں فوری طور پر قبول ہوتی ہے ۔اور اس کے جواب میں ''اقراء'' والی وحی آئی ۔یعنی دعا اور اس کی تعمیل فوری مکمل ہو چکی تھی۔

موجودہ زمانے میں زندگی اتنی مصروف ہو کے رہ گئی ہے کہ بیک وقت انسانی ذہن کئی ایک موضوعات میں الجھ جاتا ہے یہی حال ہمارے بچوں کا ہے ایک تو اسکولوں میں عجیب قسم کا نصاب تعلیم اور کتابوں کا بوجھ پھر مختلف زبانوں کا سامنا بچے کو کرنا پڑتا ہے ہمارے بچے اپنی علاقائی زبان جو کہ گھر میں بولی اور سمجھی جاتی ہے ابھی پوری طرح اس معنی اور مفہوم کو نہیں سمجھ پاتے کہ بیرونی تعلق کے لئے دنیا بھر کی زبانوں کا کلچر اردو زبان بولنی اور سمجھنی پڑتی ہے۔ اسکول میں بچوں کو انگریزی، اردو، عربی، اور حسابی الجھنوں کا شکار ہونا پڑتا ہے ۔لہٰذا ایک ننھا سا ذہن ان تمام زبانوں کا مفہوم اپنی مادری زبان میں تبدیل نہیں کر سکتا اس لئے ذہنی طور پر اتنا الجھتا ہے کہ اسے راہ فرار کے سوا کوئی دوسرا راستہ نظر ہی نہیں آتا۔

دوسری وجہ الیکٹرانک میڈیا ہے ۔اس میڈیا نے ہماری نئی نسل کو اس قدر برباد کر دیا ہے جس کی مثال نہیں غلطی دراصل ہماری ہے جو بھی اچھی اور فائدہ والی چیز غلط استعمال کرتے ہیں ۔اس نے جس تیزی سے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کیا ہے شاید ہی کسی اور سسٹم نے اتنی تیزی کے ساتھ کبھی اپنی طرف متوجہ کیا ہو۔ لہٰذا زندگی ایک تیز رفتار آلہ کا شکار ہو چکی ہے اور بچہ تفریح کے لئے بھی انہی چیزوں کا سہارا لیتا ہے ویڈیو گیم، ٹیلیوژن پروگرام، ڈش اور خصوصاً انڈورائڈ موبائل نے انسانی ذہن اور وجود کو اپنی طرف کھینچ لیا ہے جبکہ یہ چیز بھی اعلیٰ دماغی صلاحیت رکھنے والے افراد کی ایجاد کردہ ہیں لیکن ہمارے معاشرے میں ان چیزوں کے استعمال میں اعتدال سے کام لیا جاتا ہے اور صبح سویرے سے رات گئے تک ان پروگراموں میں مصروف بیشتر گھرانے نظر آتے ہیں جس کے تکلیف دہ اثرات یہ ظاہر ہوتے ہیں بچے کو کتاب کے مضمون کی تصویر ذہن میں بنانے کی فرصت ہی نہیں ملتی ان تمام عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے گھر میں ایک تعلیمی ماحول بنائیں اور ذہنی قوت حاصل کرنے کے لئے انبیاء کی دعاؤں کو دہرائیں انشاءاللہ کامیابی یقینی ہوگی۔

نقش آتشی چال سے مربع مکمل کرنا ہے آیت کے اعداد بحساب ابجد قمری ۱۱۰۷ بنتے ہیں طریقہ کے مطابق کسر ایک ہے جسے تیرہویں خانہ میں شامل کرنا ہے لہٰذا آپ نقش مثالی کے مطابق بھرتے جائیں اپنی تسلی کے لئے اسے ایک بار خود بھی چیک کر لیں کیونکہ انتہائی نگرانی کے باوجود کتابت کی یا حساب کی غلطی رہ سکتی ہے چیک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اوپر سے نیچے کسی بھی لائن کے اعداد جمع کریں مجموعہ ۱۱۰۷ ہی آنی چاہیے اور اگر چاہیں تو دائیں سے بائیں اور دونوں کراس میں کارنر بھی چیک کر لیں ہر طرف سے تعداد وہی ظاہر ہو۔ جو آیت کی ہے۔ اگر ایسا ہے تو سمجھ لیں کہ نقش مکمل ہو گیا اور آپ نے ایک سریع الاثر شے حاصل کر لی۔

مثالی نقش کے باہر چاروں طرف لکیر لگائیں حروف مقطعات اور فرشتے لکھیں **قولہ الحق الہ الملک** چاروں جانب حسب دستور لکھیں اور محافظوں کے نام لکھیں مثالی نقش صرف آیت کی تعداد ظاہر کر رہا ہے ۔نقش لکھتے وقت شمس وعطارد کے بخور روشن کرنا نہ بھولیں اگر کوئی ضرورت مند کو دینا کر سکتا ہو اور ادارہ سے لکھوانا چاہے تو ہدیتاً ہو سکتا ہے۔



میری تمام تر مخلصانہ محبتیں مودتیں مکتبہ روحانیات کے ماہنامہ تحفہ روحانیات اور جعفریہ جنتری کیلئے ہے ۔ وہ افراد جو کہ مجھ سے رابطہ کرنے کے خواہشمند ہوں بہتر ہے کہ ادارہ کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں یہ خیال رکھا جائے کہ دیئے گئے وقت میں فون کیا جائے۔

اعمال گرہن

خواتیم سیارگان و دُعا رد نحوست زحل اور اعمال گرہن

تحریر:۔ حکیم علامہ حافظ عتیق الرحمن ضیاء (کراچی)

محترم قارئین السلام وعلیکم: میری کوشش ہمیشہ یہ رہتی ہے کہ آپ حضرات کے لیے آسان اعمال وقت کے مطابق پیش کروں اُمید ہے کہ پچھلے ماہ کے نظرات سیارگان کے اعمال سے فائدہ حاصل کیا ہوگا ماہ اگست بھی نظرات سیارگان کے حوالے سے اہم ہے 7اگست کو جزوی **چاند گرہن** اور 21اگست کو مکمل سورج **گرہن** ہوگا اس کے علاوہ 9اگست سے 27اگست تک مختلف سعد نظرات موجود ہیں علاوہ زہرہ تربیع مشتری کے، اس کے علاوہ 14اگست **شمس زحل تثلیث** بھی ہے اور شمس اپنے برج اسد میں اور عطارد اپنے برج سنبلہ میں طاقت ور ہوگا اور مشتری اور زحل اپنے اپنے اوج کے برجوں میں قیام پذیر ہیں۔ 17اگست **اوج مریخ** بھی ہے مگر مریخ سورج کی قربت کی بنا پر یعنی تحت الشعاع ہونے کی وجہ سے اپنی طاقت کھو بیٹھا لہذا مریخ کے اعمال بے سود ثابت ہونگیں۔

گرہن کے حوالے سے چند اعمال ماہ فروری میں پیش کئے گئے تھے مزید اعمال گرہن حاضر خدمت ہیں۔

بندش طلاق

اکثر ایسی صورت حال پیدا ہوجاتی ہے کہ شوہر یا شوہر کے گھر والے طلاق دینے پر آمادہ ہوجاتے ہیں، بعض شوہر ذرا ذرا سی بات پر بیوی کو طلاق کی دھمکی دیتے رہتے ہیں، ایسی صورت حال میں طلاق کو روکنے کے لیے درج ذیل نقش لکھ کر وزنی چیز کے نیچے دبائیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ لا د یا یا غفور یا غفور بستم ارادہ طلاق فلاں بن فلاں (یہاں شوہر کا نام یا خاندان میں جو طلاق کروانا چاہتا ہے اس کا نام مع والدہ لکھیں) **فی حق فلاں بن فلاں (اپنا نام مع والدہ) یا حراکیل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ۔**

عمل محبت

زن وشوہر میں اختلافات، مزاجی ناہمواری، باہمی لڑائی جھگڑا، محبت کی کمی وغیرہ کے لیے یہ ایک مجرب طریقہ ہے اور صرف شادی شدہ خواتین وحضرات ہی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ نہایت آسان بھی ہے۔ گرہن کے درمیانی وقت میں ایک سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے پوری بسم اللہ لکھ کر سورہ الم نشرح پوری لکھیں پھر یہ آیت لکھیں۔

والقیت علیک محبۃ فلاں بن فلاں (یہاں مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں) **علیٰ محبۃ فلاں بنت فلاں** (یہاں طالب کا نام مع والدہ لکھیں) **کما الفت بین آدم و حواو بین یوسف و زلیخا و بین موسیٰ و صفورا بین محمد و خدیجۃ الکبریٰ و اصلح بین ھما اصلا حاً فیہ ابداً۔**

برائے خواب بندی

خواب بندی سے مراد یہی ہے کہ کسی کی توجہ حاصل کی جائے یعنی وہ ہمیشہ آپ کے لیے بے چین اور قرار رہے۔

یہاں یہ بات ذہن نشین رکھی جائے کہ یہ نقش جائز مقصد جیسے شوہر بیوی کے لیے، بیوی شوہر کے لیے اور خاندانی رشتوں کے لیے ہی استعمال ہو، اس مقصد کے لیے درج ذیل نقش لکھ کر کسی وزنی چیز کے نیچے دبائیں، یہ نقش قمر در عقرب یا سورج یا چاند گرہن میں لکھا جائے گا۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ لا د یا یا غفور یا غفور بستم خواب و خود فلاں بن فلاں (یہاں اس کا نام مع والدہ لکھیں جس کے دل میں محبت پیدا کرنا ہے) **علے حب فلاں بن فلاں** (اپنا نام مع والدہ) **یا حراکیل۔**



شمس زحل تثلیث دفع نحوست زحل

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ یا الرحمن یا ناصر یا علی یا عظیم یا متکبر یا مالک یوم الدین انی نستعینک احفظنی من نحوست الزحل والراس والذنب (فلاں بن فلاں) **بحق کھیعص و حمعسق یا اللہ یا حمید یا لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفواً احد۔**

درج ذیل دُعا و طلسمات زحل کی سختی ختم کرنے میں مجرب ہے کسی بھی فرد کے زائچے میں زحل کی خراب پوزیشن کئی قسم کے معمالات میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے اگر سیارہ زحل زائچہ پیدائش میں نحس یا ناقص ہو، کمزور پوزیشن رکھتا ہو تو زندگی میں بے ضابطگی و بے اصولی، فضول خرچی، مورثی پس منظر کمزور اور غیر تسلی بخش حالات، مزاج و فطرت میں کجی و سختی، منفی سوچیں، گناہ و جرائم کا میلان، خراب عادات میں مبتلا ہونا، خود غرضی، حماقت، نفس پرستی و ناانصافی کا رجحان پروان چڑھتا ہے۔

انسان کے زائچے میں زحل کی حالیہ گردش اسے عروج و زوال سے دوچار کرتی ہے۔ اگر یہ گردش موافق و سعد رخ پر ہو تو ثابت قدمی، تحمل مزاجی و برداشت کے ساتھ دیرپا ترقی و کامیابی لاتی ہے اعلیٰ مرتبہ و اختیارات انسان کو ملتے ہیں عزت و شہرت سے ہمکنار ہوتا ہے عمدہ رہائش ملتی ہے زمین و جائداد کے حصول میں آسانی ہوتی ہے اگر زمانہ حال میں زحل کی گردش ناموافق اور ناقص ہو تو مصائب و مسائل کا ایسا دور شروع ہوتا ہے کہ بیان سے باہر۔

ایسے تمام مسائل کے حل کے لیے شمس تثلیث زحل کے دیے گئے سعد وقت میں اس دعا اور طلسمات کو قواعد عملیات کے مطابق سیسے کے تختی پر یا نیلی یا کالی روشنائی سے کاغذ پر لکھ لیں اور فلان بن فلان کی جگہ متاثرہ شخص کا نام لکھ لیں اور نو چندے ہفتہ کی پہلی ساعت زحل میں نقش پہن لیں۔

مشتری در میزان

علم نجوم میں سیارہ مشتری کو وسعت و ترقی، مال و دولت، مذہب، روحانیت، آئین و قانون پر حکمران تصور کیا جاتا ہے مشتری کو میزان کے 2 درجہ پر اوج کی قوت حاصل ہوتی ہے اگرچہ یہ وقت گزر چکا ہے مگر اپنے برج کا قیام موجود ہے جس سے فائدہ حاصل کرتے ہوئے دیے گئے سعد وقت کے مطابق خاتم مشتری بنا سکتے ہیں۔

خاتم مشتری نہ صرف یہ کہ زائچہ پیدائش میں مشتری کی پیدائشی خرابیوں کو دور کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے بلکہ چوں کہ مشتری کا تعلق مال و دولت، وسعت و ترقی اور فہم فراست سے ہے لہذا، اس انگوٹھی کو پہننے والا جس کام میں بھی ہاتھ ڈالے، کامیاب و کامران رہتا ہے، اس کا ہاتھ روپے پیسے سے خالی نہیں رہتا، انعامی اسکیموں میں شرکت فائدے کا باعث ہوتی ہے، وہ اپنے کاموں میں معقول حکمت عملی اختیار کرتا ہے اور ایسے راستوں سے بچتا ہے جو اسے نقصان یا کسی تباہی کی طرف لے جائیں، "نقش خاتم مشتری" ذیل میں دیا جا رہا ہے دیئے گئے کے وقت کے مطابق تمام تیاری مکمل کر لی جائے، مشتری کا بخور اور خوشبو استعمال کریں اگر انگوٹھی پہلے سے تیار نہ ہو تو چاندی کے پترے پر نقش کندہ کر کے رکھ لیں اور بعد میں اس پترے کو چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا لیں، یہ نقش کسی زرد یا سبز رنگ کے نگینے پر بھی لکھا جا سکتا ہے۔

مخصوص ڈیزائن میں درحقیقت یہ 9 خانوں کا مثلث نقش ہے، جس کی چال آتشی ہے، یعنی پہلا خانہ عدد 5 کا ہے اور اس کے بعد بالترتیب 12,11,10,9,8,7,6 اور 13 عدد لکھے جائیں گے۔

عطارد در سنبلہ

سیارہ عطارد کو برج سنبلہ میں شرف حاصل ہوتا ہے اور عطارد کا ذاتی برج بھی سنبلہ ہی ہے عطارد ذہانت، قوت حافظہ اور تعلیمی سرگرمیوں سے متعلق ہے، سفر اور نشر و اشاعت کے معاملات بھی اس کے زیر اثر ہیں، وہ لوگ جو کند ذہنی، کمزور حافظہ اور تعلیمی اُمور میں عدم دلچسپی کی شکایت رکھتے ہیں لازمی طور پر ان کے پیدائشی زائچے میں سیارہ عطارد کمزور ہوتا ہے، بعض لوگ غبی اور کم عقلی یا کم فہمی جیسی کمزوریوں میں مبتلا ہوتے ہیں، وہ بھی عطارد کی کمزوری ہے، عام طور پر جن لوگوں کے زائچے میں عطارد کمزور ہو وہ علم ریاضی میں ہمیشہ کمزور رہتے ہیں، بعض بچے سائنس کے سبجیکٹ میں اپنی ریاضی کی کمزوری کے سبب آگے نہیں جا پاتے، ان کے لیے یہ وقت نہایت فائدہ بخش ہے، اس وقت میں لوح عطارد کے علاوہ "خاتم عطارد" بھی تیار ہوتی ہے یعنی عطارد کا مخصوص نقش انگوٹھی پر یا کسی موافق اسٹون پر کندہ کر لیا جاتا ہے، خاتم عطارد کا خصوصی نقش اس بار دیا جا رہا ہے، جو لوگ تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں یہ 9 خانوں کا مثلث نقش ہے، اسے چاندی کی انگوٹھی یا

کسی ایسے پتھر پر لکھیں جو سبز یا فیروزی رنگ کا ہو، پتھر کو بعد میں انگوٹھی میں جڑوالیں یا اس کا لاکٹ بنوا کر گلے میں بھی پہن سکتے ہیں۔

نقش عطارد بہت سادہ اور آسان ہے، نقش کا پہلا خانہ وہ ہے جس میں 4 کا عدد ہے، اسی خانے سے نقش کی چال کا آغاز ہوگا اور پھر بالترتیب 4 سے 12 تک نقش بھرا جائے گا، دیے گئے وقت کے مطابق خاتم عطارد کندہ کرتے ہوئے باوضو ہو کر قبلہ رُخ بیٹھیں تاکہ رجال الغیب سامنے نہ ہوں، لوبان کی اگربتی جلائیں اور چنبیلی کا عطر استعمال کریں، کام مکمل ہونے کے بعد سبز رنگ کی مٹھائی پر فاتحہ دے کر چھوٹے بچوں میں تقسیم کریں اور پھر نوچندے بدھ کے روز صبح پہلی ساعت عطارد میں پہن لیں۔

شمس در اسد

ماہ اگست میں شمس اپنے ذاتی برج اسد میں قیام پذیر ہوتا ہے سیارہ شمس کو سیاروی کابینہ کا حاکمِ اعلیٰ کہا جاتا ہے یہ روشنی اور حیات کا مرکز ہے کسی بھی زائچے میں باپ کا کارک ہے یعنی نمائندہ ہے شمس باپ اور قوت حیات کی بنیادی علامت ہے اگر کسی زائچے میں شمس مضبوط ہو تو باپ اور قوت حیات صاحب زائچہ کی نشوونما میں معاون و مددگار ہوگی۔ شمس بادشاہی کی علامت سمجھا جاتا ہے، قوت و توانائی، غلبہ و اقتدار، شہرت و دولت، لیڈر شپ، سماجی حیثیت و مرتبہ، خود اعتمادی، اعلیٰ عہدہ عطا کرتا ہے اگر یہ کسی زائچے میں کمزور ہو تو کمزور بینائی، سردرد، نظام ہضم میں گڑبڑ، دانتوں کے مسائل، ہڈی کا فریکچر، بخار، ہائی بلڈ پریشر کے ساتھ ساتھ ان تمام اُمور میں رکاوٹ ڈالتا ہے شمس کے ناقص اثرات دُور کرنے کے لیے اور شمس کی قوت بڑھانے کے لیے درج ذیل خاتم شمس دیے گئے وقت کے مطابق تیار کرلیں نقش خاتم شمس بہت سادہ اور آسان ہے، نقش کا پہلا خانہ وہ ہے جس میں 1 کا عدد ہے، اسی خانے سے نقش کی چال کا آغاز ہوگا اور پھر بالترتیب 1 سے 9 تک نقش بھرا جائے گا، دیے گئے وقت کے مطابق خاتم شمس کندہ کرتے ہوئے باوضو ہو کر قبلہ رُخ بیٹھیں تاکہ رجال الغیب سامنے نہ ہوں، عود کی اگربتی جلائیں اور مشک کا عطر استعمال کریں، کام مکمل ہونے کے بعد مٹھائی پر فاتحہ دے کر چھوٹے بچوں میں تقسیم کریں اور پھر نوچندے اتوار کی صبح پہلی ساعت شمس میں پہن لیں۔

خاتم مشتری

خاتم عطارد

خاتم شمس

☆اوقات خاتم سیارگان☆

نوٹ: یہ تمام اوقات کراچی شہر کے مطابق دیے گئے ہیں

نمبر	سیارگان	تاریخ	وقت
1	مشتری	05-08-2017	10:40 تا 11:05
2	عطارد	08-08-2017	16:40 تا 17:05
3	عطارد	09-08-2017	16:30 تا 16:50
4	عطارد	10-08-2017	12:05 تا 12:35
5	عطارد	12-08-2017	07:30 تا 07:55
6	شمس	12-08-2017	14:55 تا 15:20
7	عطارد	13-08-2017	05:15 تا 05:40
8	مشتری	16-08-2017	10:00 تا 10:30

خاص لوح شرف مشتری

سیارہ مشتری عزت، مال و دولت کا سیارہ کہلاتا ہے جب اس سیارے کا عروج کسی بھی شخص کے زائچے میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مال و دولت میں کھیلتا ہے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرتا ہے اور اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ محس یا خراب حالت میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مفلسی، بیروزگاری، پریشانی اور مال و دولت میں کمی کا شکار رہتا ہے۔

اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ مالی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اُن کے زائچہ پیدائش میں مشتری بھی کمزور ہوتا ہے اس سیارے کی نحوست کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہر بارہ سال بعد ایک موقع دیا ہے اس خاص موقع سے اہل علم فائدہ اُٹھاتے ہیں اور وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں سیارہ مشتری کمزور ہو اُن کو خاص وقت شرف مشتری جو کہ 12 سال بعد 1 بار آتا ہے اس میں لوح مشتری تیار کر کے دیتے ہیں اس لوح کی برکت سے میرے ذاتی مشاہدہ میں آیا ہے کہ غربت، مفلسی، بیروزگاری اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ گزشتہ 12 سال قبل بے شمار لوگوں کو لوح مشتری تیار کر کے دی اور اس لوح کی برکت سے پریشان حال لوگوں کی اللہ تعالیٰ نے پریشانیاں ختم کر دی رزق روزی میں اضافہ ہوا اور آج وہ لوگ جنہوں نے لوح مشتری اپنے پاس رکھی خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ لوگ جو کہ فوری طور پر مالی مشکلات سے نجات چاہتے ہیں اس قیمتی اور نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ لوح مشتری آج ہی ادارہ سے بک کروائیں۔

ھدیہ 7200 روپے

عمل نادرہ

تحریر:۔
مصدق قریشی
(ایبٹ آباد)

قارئین کرام نقش پندرہ یہ عام طور پر مائی کی طرف منسوب ہے کہ اس کا نقش لیکن اس میں میری تحقیق کچھ اور ہے۔ یہ تفصیل بعد میں بتاؤں گا۔

پہلے آپ کو نقش کی زکات اور اس کے فوائد پیش کر رہا ہوں۔ نقش کو لکھنے کے لوازمات، زکات اور طریقہ عرض ذیل ہے۔ پہلے آپ زعفران کو پانی میں حل کر لیں اور انار کی ٹہنی کی قلم بنا لیں اور وقت مقرر کر لیں۔ نہر، ندی یا دریا کے کنارے چلے جائیں یا ایسی جگہ ہو جہاں پانی چلتا ہو۔ پانی اتنا گہرا ہو کہ ناف تک آ جائے۔ ایک چادر یا بڑا کپڑا تیار رکھیں کہ عمل کے وقت کام آئے۔ باوضو اس نہر، دریا، ندی یا چلتے پانی کے قریب بیٹھ کر کپڑے اُتار کر چادر باندھ لیں۔ چادر جو کہ ناف سے گھٹنوں تک پوری ہو۔ وہاں بیٹھ کر زعفران سے سیاہی بنائیں اور چالیس نقش سفید کاغذ پر انار کی قلم سے لکھیں۔ ایک نقش کو بازو پر باندھ لیں اور 39 عدد نقش اس دریا، ندی، نہر میں داخل ہو کر بہا دیں۔ دوسرے روز 40 عدد نقش لکھیں اِن میں سے ایک اُٹھا کر بازو پر باندھیں اور بازو والا نقش باقی 39 میں شامل کر کے اب نقش چالیس ہو گئے۔ دریا، ندی، نہر میں داخل ہو کر بہا دیں۔ اس طرح اکتالیس (41) روز اکتالیس نقوش ہوں گے۔ 40 لکھے ہوئے اور اکتالیسواں بازو والا ہوگا۔ جب پانی میں داخل ہو کر نقش بہائیں گے۔ ایک نقش پانی میں اُلٹا چلے گا۔ جلدی جلدی اس کو پکڑ لیں۔ پکڑتے ہی پانی سر کے اوپر سے گذر جائے گا کہ اس نقش کو عامل پکڑ نہ سکے ہمت سے اس نقش پکڑ لیں۔ کوئی خطرہ نہ ہے۔ لو بھئی آپ عامل بن گئے۔ اس نقش کا مؤکل آپ کے حکم میں آ گیا۔ جس مقصد کے لئے آپ نے عمل کیا تھا وہ تو اِس وقت ہو جائے گا۔ اب جو نقش پکڑا اس کو موم جامہ کر کے منڈھوا کر پاس رکھیں اور روزانہ گیارہ نقوش لکھ لیا کریں۔ قواعد وضوابط کے مطابق زعفران سے جو بھی آئے اور جس بھی حالت والا ہو اس کو دے دیں۔ نقش کے نیچے حاجت مند کی حاجت کو ضرور تحریر کریں۔ بھائیو! آپ بڑے عامل بن گئے۔ دنیا آپ کے دروازہ پر ہجوم کی شکل میں ہوگی۔ دست غیب ہوگا۔ ہاتھ اور جیب سے رقم کبھی خالی نہ ہوگی۔ وہ نقش درج ذیل ہے، چال آتشی ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

یا بدوح یا بدوح یا بدوح

صرف ایک چھوٹا پرہیز ہے۔ جس ندی، نہر، دریا جس جگہ پہلے دن نقش لکھے تھے۔ اکتالیس روز تک وہاں ہی نقش لکھنے ہیں آتے جاتے راستہ میں کسی سے بات نہ کریں۔ گھر پہنچ کر کوئی حرکت وغیرہ ضرور کریں۔ سر پر کپڑا ہے تو اُتار دیں یا کپڑا باندھ لیں۔ یا کپڑے اتار کر دوسرے پہن لیں یا چارپائی پر بیٹھ جائیں۔ نقش ذیل ہے۔ آتشی چال سے پُر کریں۔

عمل الحُبّ

آج کی اس محفل تحفہ روحانیات میں ایک اور نایاب عمل الحب پیش کر رہا ہوں۔ گو کہ اس سے پہلے ہزاروں عملیات الحب پیش ہو چکے ہیں۔ آپ اس عمل کو آزمائش کے بعد پُر اسرار اور مجرب پائیں گے۔ اس الحب کے عمل کو چار شخصوں کو ایک ہی مطلوب کے لئے تجویز کیا اور تحریر کیا گیا۔ مطلوب نے بے قرار ہو کر تینوں کے پاس چکر لگائے، آخر بے ہوش ہو کر گیا۔ پھر اس نقش کو آئندہ کیلئے ممنوع قرار دے دیا گیا۔ اور اس نقش کے ساتھ قلمی بیاض میں تحریر تھا کہ طالب علموں کی ایسی حرام خواہش کو پورا نہ کیا جائے ورنہ نقصان عظیم ہوگا۔ اس کے عامل نے 1875ء میں وفات پائی تھی۔ نقش اوّل ذیل ہے۔

نوچندی جمعرات کو دن کے ٹھیک 12½ بجے (ساڑھے بارہ بجے) نقش شروع کریں اور سات عدد نقش کسی گوشہ پوشیدہ میں بیٹھ کر تحریر کریں۔ ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنے آپ پر دَم کر لیں۔ سات نقش تیار کریں۔

طالب

ایاز

بسط حرفی ای از

ای از

اعداد=۱+۱۰+۱+۷

مجموعہ=19 رک

اضافہ ۲۳۹+۱۹=۲۲۰

عمل تفریق اور تقسیم ۲۳۹ ÷ ۲۲۰

حاصل قسمت ۱۱۸

ایک بچا خانہ ۱۳ اضافہ ایک کا

کسر کے خانے

کسر ۱ کیلئے خانہ نمبر ۱۳

کسر ۲ کیلئے خانہ نمبر ۹

کسر ۳ کیلئے خانہ نمبر ۵

ایک کا اضافہ

مطلوب

اجمل

بسط حرفی اج م ل

اج م ل

اعداد=۱+۳+۴۰+۳۰

مجموعہ=۷۴

اضافہ ۳۵۸=۷۴+۲۸۴ رفیہ

۳۵۸-۲۲۷

حاصل قسمت ۱۳۵

ایک بچا خانہ ۱۳ اضافہ ایک کا

اوپر کا کونا

تکمیل نقش

۱۲۵	۱۷۷	۱۸۱	۱۱۸
۱۸۰	۱۱۹	۱۲۴	۱۷۸
۱۲۰	۱۸۳	۱۷۵	۱۲۳
۱۷۶	۱۲۲	۱۲۱	۱۸۲

چال نقش

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش مکمل کر کے نیچے دائیں کونے اور اُوپر دائیاں کونہ نشان لگے ہیں۔اس لئے آپ دائیں کونے کو پکڑ کر کونا کی طرف بتی بنالیں۔یہ بتی بن جائے گی۔

اس قسم کے نقش لکھ کر سات بتیاں بنالیں۔رجال الغیب کو پشت پر رکھیں۔رجال الغیب آپ سالانہ جعفریہ جنتری امزل روحانی جنتری 2017ء سے معلوم کر سکتے ہیں۔

اب ہر شب کو ایک نقش آب نادیدہ کورے چراغ (جس کو پانی نہ لگا ہو) میں رکھ کر روغن زرد (دیسی گھی) ڈال کر جلاوے،اور طالب چراغ کے سامنے دوزانو بیٹھ کر محبوب کا تصور یا تصویر رکھ کر اس کے خیال میں کھو جائے۔

نقش کو لپیٹ کر بتی بناتے وقت 26 بار یہ کلام پڑھ کر نقش پر دم کر کے چراغ میں رکھے۔

عزمت علیک یاھلنا نیّة اھلنا نیّة یا شمعنا نیّة یا تورانیّة حرّک الارواح السالفت فی رفد المطلوب الحب الرک الطالب وحتی یصیرو الطالب مطلوبا والمطلوب طالبا۔

خاص نوٹ: اگر سات روز میں ایک بھی ناغہ ہوا تو تمام عمر کبھی بھی میل ملاپ نہ ہوگا۔نقصان کا اندیشہ شدید ہے۔حرام کام کے لئے خود ذمہ دار ہوں گے۔اگر طالب مطلوب حدود میں ہیں تو مجرب الحجر ب ہے۔

اگر طالب و مطلوب کے ایک مسکن نہیں یعنی شہر،بستی، گاؤں ایک نہیں تو بعد از جلانے اپنے گھر آئے۔طالب پر واجب ہے کہ مطلوب کی حدود مسکن میں جلائے۔

ادائیگی قرض

تحریر
راشد علی (ملتان)

مقروض شخص ذیل کی عبارت دعا ہر نماز کے بعد 21 بار ورد کرے اول آخر درود پاک 21 بار تو بہت جلد قرض سے نجات پائیگا اور اگر قرض نہ ہو یا قرض سے نجات پانے کے بعد اسی دعا کو حسب سابق معمول میں رکھے تو رزق میں فراخی ہوگی۔اگر ملازم پیشہ افراد بھی اس دعائے عبارت کو ورد میں رکھتا ہے تو اس کے رزق میں برکت ہوگی۔

اللھم اکفنی بحلالك عن حرامك واغنی بفضلك عمن سواك انشاءاللہ تعالیٰ قرض سے نجات حاصل کرے گا۔

فقر و فاقہ دور کرنے کا عمل

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کا پڑھنا بے حد مجرب ہے۔جو شخص پڑھے گا وہ چند یوم میں مالا مال ہو جائیگا۔

دفع خوف کا عمل

ظالم سے ایذا پہنچنے کا خوف ہو تو اکثر یہ کلمات پڑھنے چاہئیں ایذا نہیں پہنچے گی۔ **حسبی اللہ ونعم الوکیل۔**

غم، بیماری، قید کیلئے

قضائے حاجات و غم و فجر جسمانی بیماری اور قید و بند سے نجات حاصل کرنے کیلئے آیت کریمہ یعنی

لا الہ الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین

کو خشوع و خضوع کے ساتھ بکثرت پڑھنا بیحد مفید ہے اور تریاق اکبر ہے۔

محمد وآل محمد علیہم السلام کا فیض

تحریر:۔ حکیم محمد ابصار حیدر حیدری (تلہ گنگ)

محترم قارئین! بفضل خدا ''محمد وآل محمد علیہم السلام کا فیض'' کے عنوان سے تحفہ روحانیات میں حاضری کا موقع نصیب ہوا۔

گذشتہ دنوں میرے والد محترم استاد الحکماء زوار حکیم محمد اشفاق حیدر (حیدری) صاحب دماغی فالج کی وجہ سے زیر علاج ہیں۔ والد صاحب کا شمار پاکستان کے بہترین حکماء میں ہوتا ہے دعا کریں کہ مولا کائنات بیمار کربلا کے صدقہ مکمل طور پر والد صاحب کو شفائے کاملہ عطا فرمائے (آمین)

خاتمہ جادو

اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر 3 مرتبہ سورہ مزمل پانی پر دم کر کے گھر میں پاک صاف جگہوں پر چھڑکاؤ بھی کریں اور تمام گھر والوں کو بھی یہ پانی پلائیں۔ (**نوٹ**) سورہ مزمل پانی پر روزانہ 3 مرتبہ پڑھنی چاہیے۔ 3 دن اور پانی کا استعمال 12 دن اور کرنا یعنی چوتھے دن سے صرف پانی پینا ہے سورۃ نہیں پڑھنی۔

خاتمہ نحوست

ہفتہ (سنیچر) کو مغرب اور عشاء کے درمیان دو رکعت نماز نفل ہدیہ برائے ''دوری نحوست'' خالق کائنات کے حضور بجالائیں اس کے بعد دو رکعت نماز نفل ہدیہ محمد وآل محمد علیہم السلام بجالائیں۔ دوری نحوست کی نیت سے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل کسی بھی ولی یا بزرگ کے بجالائیں جو کہ آپ کے گھر یا پھر محلے یا پھر شہر میں سب سے قریب ہو۔ اس ولی یا بزرگ کے نام دو رکعت نماز نفل لیکر ادا کریں اور انہیں اللہ تعالیٰ اور محمد وآل محمد علیہم السلام کا واسطہ دے کر دعا کریں۔ دعا میں اپنی حاجات کم از کم 14 منٹ بیان کریں یہ عمل ہر ہفتہ کو بجالائیں۔ 7 ہفتہ (سنیچر) لگاتار ان شاء اللہ ہر مسئلہ حل ہوگا۔ ساتویں ہفتے کو اللہ اور اس کے رسولؐ اور اُن کی آل پاکؑ کے نام سے نیاز دربار پر تقسیم کر دیں حسب توفیق۔ اور 8 ویں ہفتہ کو اپنے حالات دیکھ لیں۔ عقیدہ پختہ اور یقین محکم رکھیں کہ وہ خالق کائنات ہمیں ضرور نوازے گا مایوسی گناہ ہے۔

بے نظیر عمل برائے محبت

ساعت زہرہ یا مشتری میں یہ نقش تحریر کریں۔ کسی صاف کاغذ پر اور انڈہ کی باریک جگہ میں سوراخ کر کے یہ نقش انڈہ میں رکھیں پھر آٹے سے انڈہ کو بند کر کے آگ کے نیچے رکھ دیں جائز محبت کیلئے کریں خلاف شرع کرنے والے خود ہی اپنے انجام کو پہنچ جائیں گے۔

۱۶۱۵۵-۵۷۱۱۱	۵۵۷۸۲۱۱۷۱ولاوہ
نام مطلوب علے کب	طالب کا نام

روزانہ اول وآخر 14 مرتبہ درود شریف **یا جامعُ یا فتاح** کا ورد 1400 مرتبہ محبوب کا تصور کر کے 14 دن ساتھ عرق گلاب اور زعفران سے یہ نقش لکھ کر پاس رکھیں۔



۳۶۵ (1)	۳۷۹ (14)	۳۷۶ (11)	۳۷۲ (8)
۳۷۷ (12)	۳۷۱ (7)	۳۶۶ (2)	۳۷۸ (13)
۳۷۰ (6)	۳۷۴ (9)	۳۸۱ (16)	۳۶۷ (3)
۳۸۰ (15)	۳۶۸ (4)	۳۶۹ (5)	۳۷۵ (10)

کرشمہ حرف ''ف''

اگر کوئی شخص جدا ہو گیا ہو تو جدا ہونے والے شخص کے پہنے ہوئے پاک صاف کپڑے پے 9 ہزار مرتبہ حرف ''ف'' دم کریں اس شخص اور اسکی ماں کا نام اور پھر اپنا نام مع والدہ لیکر اس کپڑے کو آگ میں ڈال دیں مطلوب جہاں بھی ہوگا واپس چلا آئے گا۔ اگر کسی شخص کو آوارہ کرنا ہو تو 70 مرتبہ 5 وقت 70 دن اُس پر پھونک ماریں تو وہ آوارہ ہو جائے گا بغیر کسی مجبوری کے یہ عمل نہ کریں وہ خالق رحیم وکریم بھی ہے اور سخت عدل کرنے والا بھی جبار اور قہار بھی ہے۔

عمل قرآنی

تحریر: ۔سحر کاظمی (اسلام آباد)

حضرت پیغمبر اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا! قرآن مجید کو ہر کلام کے اوپر فوقیت و برتری حاصل ہے جو خداوند عالم کو اپنی مخلوق کے اوپر فوقیت حاصل ہے۔ اسی طرح آپؐ نے ارشاد فرمایا! یاد رکھو (فہم وادراک) قران مل جانے کے بعد کوئی فاقہ کش نہیں رہ سکتا اور قرآن سے پہلے متقی ہو جانا ممکن نہیں ہے۔ لہٰذا اس کے ذریعہ اپنی بیماریوں کا علاج کرو اور سختیوں میں اس سے مدد حاصل کرو کیونکہ اس میں سب سے بڑی بیماریوں کو شفاء ہے۔ (نہج البلاغہ خطبہ نمبر ۱۷۶)

قرآن کے ذریعے بیماریوں کا علاج: ۔بیمار کی صحت کے لئے پانی کے برتن پر چار بار سورہ محمد پڑھیں اس پانی میں سے کچھ پانی مریض پر چھڑکو اور صدقہ دو جو شخص صدقہ کے بارے میں پوچھے کہو فلاں مریض کی شفاء یابی کیلئے دعا کرو۔

دفع درد: ۷۰ بار سورہ محمد کا پڑھنا ہر قسم کے درد کے لئے شفاء ہے حضرت نبی اکرم ﷺ نے فرمایا سورہ فاتحہ موت کے علاوہ ہر مرض کیلئے شفاء ہے۔ لاعلاج مریض ایک ہزار مرتبہ سورہ توحید پڑھ کر دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ بحق حضرت سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا بیماری کو دور فرما بحکم خدا مرض زائل ہوگا۔

فروانی رزق کیلئے: اللہ تعالیٰ کے فیض سے رزق حلال میں خوب اضافہ ہوگا کبھی کمی نہیں آئے گی۔ سورہ مریم آیت نمبر ۶۲

لڑکی کی جلد شادی ہو: سورہ آل عمران آیت نمبر ۳۷ اور ۷۴ سورہ الفرقان آیت نمبر ۲ لکھ کر گلے میں ڈال لے اور ۱۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھے

ساس کے طعنوں سے نجات: سورہ الحجر آیت ۶۵، ۶۶ روزانہ ۱۰۷ مرتبہ پڑھیں۔

مشکل سے جلد خلاصی: سورہ البقرا آیت نمبر ۱۳۷ روزانہ ۱۰۰ بار پڑھے۔

خاوند کو راست پر لانا: ۲۱ یوم تک سورہ المائدہ آیت نمبر ۱۰۰ پڑھ کر کسی چیز میں ملا کر کھلا دیں۔ ۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں

قید سے رہائی کے لئے: سورہ مزمل آیت نمبر ۱۰ روزانہ ۱۵۰ بار پڑھیں۔

گردے کے درد سے شفاء: ۴۱ بار سورہ الفاتحہ پانی اور عرق گلاب پر پڑھ کر دم کریں اور پی لیں:

جادو کا خاتمہ: سورہ نساء آیت نمبر ۱۰۰ مٹی کے برتن میں زعفران سے لکھے اور پانی میں گھول کو ہلا دیں۔

لوگ تنگ نہ کریں: سورہ مومن آیت نمبر ۲۷، روزانہ ۱۰۰ بار پڑھیں اور دعا مانگ لیں۔

خاند کا دل گھر میں لگے: سورہ البقرا آیت نمبر ۱۶۵ کسی مٹھی چیز پر ۲۱ مرتبہ دم کر کے کھلا دیں۔

شیطان کے شر سے بچا رہے: سورہ النمل آیت نمبر ۹۸ روزانہ ۱۰۰ بار پڑھیں

اولاد نرینہ کے حصول کیلئے: سورہ النجم آیت نمبر ۲۱ اور ۲۲ چینی کی پلیٹ پر لکھے اور ۹۰ دن تک پیتا ہے۔

مجرب عمل زبان بندی: البقرہ آیت ۱۸ کو روزانہ ۷ بار پڑھ کر تصور میں لا کر دم کریں۔

ہر حاجت کے لئے: ہر روز ۱۰۰ مرتبہ سورہ الحمد مندرجہ ذیل ترتیب سے پڑھیں اس عمل کی ابتداء جمعرات کے روز کریں نماز اول وقت میں ادا کریں۔ الرحمن الرحیم اور ایاک نعبد وا ایاک نستعین کے درمیان حاجت کو تصور کرے ترتیب اس طرح کرنی چاہیے ۔بعد نماز فجر ۲۱ مرتبہ بعد نماز ظہر ۲۲ مرتبہ بعد نماز عصر ۲۳ مرتبہ بعد نماز مغرب ۲۴ مرتبہ اور بعد نماز عشاء ۱۰ مرتبہ۔

کاروبار کو نظر نہ لگے: کسی کو بری نظر لگ جائے۔ اگر کاروبار پر لگے تو اچھا بھلا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ جاتا ہے اس لئے یہ آیت ایک سفید کاغذ پر لکھے اور کاروبار کی جگہ پر لگا دے سورہ البقرا آیت ۷

بے اولاد کے لئے: حضرت امام حسن علیہ السلام نے اولاد کے لئے فرمایا! روزانہ ۷۰ مرتبہ استغفر اللہ ربی واتوب الیہ پڑھا کرو۔ اور امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا! ہر صبح اور شام کو ۷۰ مرتبہ سبحان اللہ ، دس مرتبہ استغفر اللہ اور آخر میں ۹ مرتبہ سبحان اللہ پڑھا کر آخر میں استغفار پڑھو اور ساتھ سورہ نوح کی آیت ۱۱ تا ۱۳ تک پڑھو۔

دارالادب بکسیلر ،تلمبہ روڈ میاں چنوں 0321-7248462 ادارہ روحانیات

ھوالشافی

تحریر
سید عبدالخالق عباس
(کراچی)

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے اس بار چند نسخہ جات کے ساتھ حاضر خدمت ہوں اُمید کرتا ہوں کہ قارئین پہلے کی طرح حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

ومن یوتی الحکمہ فقد اوتی خیرا کثیرا (القرآن)

ترجمہ: ''اور جسے حکمت و دانائی عطا کی گئی تو یقیناً اُسے دی گئی بہت بھلائی''۔

بالوں کی بیماریاں

شیب غیر طبعی، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا۔ اس مرض میں وقت سے پہلے بال سفید ہو جاتے ہیں، نزلہ کی زیادتی سے بال اکثر وقت سے پہلے سفید ہو جاتے ہیں۔ بلغم کی زیادتی کا نتیجہ بھی یہی ہوتا ہے۔ فکروں کی کثرت نظر بد شیطانی گندے اثرات سے بھی ہوتے ہیں۔

بالوں کا گرنا :۔ بعض اوقات سر کے بال کثرت سے جھڑنے لگتے ہیں یہاں تک کہ سر پر ایک بال بھی نہیں رہتا۔ جن لوگوں میں وٹامن A.B کی کمی ہوتی ہے ان کے بال گرتے ہیں۔ نحوست سے بھی بال گرتے ہیں، آج کل ہر انسان اس مرض سے پریشان ہے۔ میں آپ کو نسخہ تحریر کر رہا ہوں۔ ان شاء اللہ بال واپس آنا شروع ہو جائیں گے، سفید بال کالے ہو جائیں گے اور مضبوط بھی۔

نسخہ شاہی خاص:۔ کلونجی کا تیل 30 ملی لیٹر، انڈے کی زردی کا تیل 30 ملی لیٹر، ناریل کا تیل 120 ملی لیٹر، ساحر نباتاتی روغن 120 ملی لیٹر، کالا سرمہ (ڈلی والا) 5 گرام۔ اب ان تمام چیزوں کو ملا کر استعمال کریں اس کے استعمال سے بال گھنے، لمبے اور چمک دار ہو جاتے ہیں۔ نوچندی اتوار ساعت شمس میں سورہ فاتحہ 131 بار تیل پر دم کریں۔

احتباس طمث:۔ (حیض کا بند ہو جانا) یہ بیماری بہت عام اور تکلیف دہ ہے اس میں ماہواری بند ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے بہت سی تکلیفیں پیدا ہو جاتی ہیں، صحت کی حالت میں ہر مہینے حیض آ جاتا ہے اس سے اس اَمر کا ثبوت ملتا ہے کہ عورت بلوغت کی حدود میں داخل ہو چکی ہے اور اگر حمل قائم ہو جائے تو رحم بچے کی حفاظت اور پرورش کر سکتا ہے حیض میں بے قاعدگی عورت کے جذبات میں برہمی سے پیدا ہو جاتا ہے اگر ایام میں بے قاعدگی وَرم رحم پر ہوتی ہے تو پیڑو (مثانہ) میں بھاری پن اور درد محسوس ہوتا ہے اور حیض آنے کے وقت دشواری پیدا ہو جاتی ہے اور خون کی مقدار بھی کم ہوتی ہے۔ رحم کے منہ بہت چھوٹا ہونے کی صورت میں حیض مشکل سے آتا ہے اور پہلے پیڑو (مثانہ) میں درد معلوم ہوتا ہے۔

نسخہ شاہی :۔ بنولہ کی گری اور شکر دونوں کو ہموزن مکس کر کے سفوف تیار کریں۔ 6 گرام دن میں دو بار لیں۔ اس نقش کو استعمال کریں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

استحاضہ:۔ (حیض کی زیادتی): عورتوں کی ماہواری کا خون زیادہ دنوں تک آتا ہے۔ اسے کثرت طمث یا حیض کی زیادتی کہا جاتا ہے۔

یہ شکایت اکثر اُس وقت ہوتی ہے جب رحم میں سرطان ہو جاتا ہے یا رحم کی ساخت ریشوں میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ رحم میں پھنسیاں پیدا ہو جانے سے بھی حیض زیادہ آنے لگتا ہے رحم کا آگے یا پیچھے کو جھک جانا بھی کثرت طمث کا باعث ہے۔

نسخہ شاہی :۔ گیرو، سنگ جراحت ہر ایک 30 گرام دونوں کو پیس کر باریک سفوف بنالیں۔ 6 گرام دن میں دو بار لیں۔ 15 دن تک استعمال کریں۔



کمر میں باندھے لال کپڑے میں موم جامہ کر کے صدقہ دیں۔

فشار الدم، بلڈ پریشر:۔ 20 یا 21 سالہ صحت مند آدمی کے خون کا طبعی دباؤ 111.5 ملی میٹر سیمابی دل کے سکڑنے کی حالت میں ہوتا ہے اور 72.4 ملی میٹر سیمابی دل کے پھیلنے کی صورت میں ہوتا ہے اگر بیس سال کی عمر میں تندرست نوجوان کے خون کا دباؤ اس سے زیادہ یا کم ہو تو سمجھنا چاہئے کہ بیماری موجود ہے اگر دباؤ ہو کر لگا تار قائم رہے تو اسے ہائی بلڈ پریشر یعنی خون کے دباؤ کی زیادتی سے موسوم کیا جائے گا۔ تندرستی میں عام طور پر خون کا دباؤ کم یا زیادہ ہوتا رہتا ہے۔ جسمانی حرکات اور غم وغصہ اور غذا کے باعث اس میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔ غصہ اور جوش کی حالت میں دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ ٹھنڈا پانی پینے سے سرد پانی سے نہانے پر بھی دباؤ زیادہ ہو جاتا ہے۔ بلڈ پریشر معلوم کرنے کا ایک آلہ ملتا ہے اس سے بہت آسانی سے خون کا دباؤ دیکھا جا سکتا ہے۔ ہر عمر میں خون کا دباؤ مختلف ہوتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کو دماغی اور جسمانی محنت فکر و پریشانی انڈے، مچھلی شراب، تمباکو، چائے، قہوہ اور کوک سے پرہیز کرنا چاہئے۔ ٹھنڈے پانی سے غسل بھی نہیں کرنا چاہئے۔ نیم گرم پانی سے نہانا چاہئے۔ سوتے وقت سر کے نیچے ذرا اونچا تکیہ رکھیں۔ پھلوں کا رس پینا اور بھوکا رہنا خون کے دباؤ کی زیادتی میں مفید ہے۔ غذا سادہ اور زود ہضم ہو نیز کم مقدار میں کھائیں، شلجم، توری، لوکی، کرم کلہ اور پالک کھائیں اور نمک بہت کم کر دیں۔

فشار الدم قوی (ہائی بلڈ پریشر): متعدی بیماریوں آتشک، سوزاک، خسرہ، چیچک آنتوں اور گردوں کے نقائص میں خون کا دباؤ ضرور بڑھ جاتا ہے۔ قبض کو فوراً دور کرنا چاہئے اور جسمانی و دماغی محنت فوراً ترک کر دیں۔

نسخہ شاہی:۔ سفیدے کے دس پتے پانی میں جوش دیں، ایک کپ رہ جائے پانی پئیں سات دن تک۔ پینے سے پہلے 131 بار یا سلام پڑھیں۔ دم کر کے پئیں۔ نقش لال کپڑے میں موم جامہ کر کے گلے یا بازو پر باندھیں۔ ساعت مریخ پہلی میں تیاری کریں۔

فلاں بن فلاں ہائی پریشر کنٹرول ہو **بحق العجل السعاعته الواحا** آمین۔

خون کے دباؤ کی کمی (فشار خون ضعیف):۔ اس میں خون کا دباؤ اعتدال سے کم ہو جاتا ہے اور دل کے انقباض کا فعل سست پڑ جاتا ہے۔ باریک رگیں یعنی عروق شعریہ کشادہ ہو جاتی ہیں۔ جس کی وجہ سے خون کا دباؤ کم ہو جاتا ہے۔ آدمی دیر تک کھڑا رہنے سے تھکن محسوس کرتا ہے اور دماغی محنت کرنے سے بھی یہی کیفیت ہوتی ہے۔ آنکھوں میں تاریکی چھا جاتی ہے اور پھر بے ہوشی آ جاتی ہے۔

نسخہ شاہی:۔ آدھا سیب، آدھی گاجر، آدھی چقندر صبح نہار منہ کھائیں۔ ایک مہینہ تک اور ایک مٹی کے کوزے میں کشمش 21 دانے کوزے میں ڈالیں، پانی میں ڈال کر رکھیں۔ صبح رکھیں۔ رات کو سونے سے پہلے 131 بار **سلام قولا من رب رحیم** پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ شفاء کامل عطا ہو گی۔

آخر میں اللہ رب العزت کے حضور دُعا ہے کہ میری کوشش خاص جو خدمت خلق کی ترویج و ترقی کے لئے قبول فرمائے اور مجھے آئندہ بھی محنت کی توفیق عطا فرمائے مجھے اور ادارے کے بانی محترم اور ادارے کے تمام لوگوں کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

بقیہ "اسرار و رموز منازل قمر"

اس کے نوء میں بارش بہت ہوتی ہے اور کبھی ایسا نہیں ہوتا کہ بارش نہ ہو اور شروع نوء میں جو کاٹے جاتے ہیں۔ بطین کی تصویری شکل اسطرح ہے۔



ابو اسحاق نرجاج بیان کرتا ہے کہ سال کو چار پر تقسیم کریں ہر قسم اس میں سے ایک فصل ہو گی اور ہر ایک فصل سات نوء ہوتی ہے اور ہر نوء تیرہ روز کی ایک روز اس پر تمامی سال کا زیادہ کریں تین سو پینسٹھ ہوئے۔ آفتاب اس مقدار میں تمام فلک کو قطع کرتا ہے۔

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

آم Mango پھلوں کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

آم وایشیائی پھلوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔ یہ میٹھے پھلوں میں انفرادیت رکھتا ہے۔آم منطقہ حارہ کے ملکوں میں مقبول اور مرغوب پھل ہے۔ یہ قیمتی غذا اور گھریلو علاج کی چیز ہے۔آم کا گودا گداز ہوتا ہے۔اس کی بہت زیادہ قسمیں ہیں۔ ہرایک کی شکل اور رنگ مختلف ہوتا ہے۔ان کی جسامت بھی الگ الگی ہوتی ہے۔آم کا رنگ گہرا سبز، زرد، سرخ ہوتا ہے۔آم ایسا پھل جس کی گٹھلی بہت سخت ہوتی ہے۔آم کی تمام اقسام کی گٹھلیاں بھی مختلف جسامت کی ہوتی ہیں۔ سدا بہار، اونچے سرسبز درخت میں لگتا ہے۔ پتے گہرے سبز، نوکدار اور سخت ہوتے ہیں۔ پتوں کو مختلف تقریبات میں سجاوٹ کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ٹہنیاں ہندو لوگ مقدس آگ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔آم کی سب سے اچھی قسم خوب رس دار، میٹھی اور بغیر ریشے کے ہوتی ہے۔ ذائقہ بہت ہی لذیذ ہوتا ہے جبکہ سب سے بری قسم میں بہت زیادہ ریشے ہوتے ہیں اور ذائقہ بھی برا ہوتا ہے۔آم برصغیر کا مقامی پیڑ ہے۔آم ہندوستان میں چار ہزار سال سے اگایا جا رہا ہے۔ دیدوں میں آم کو سورگ کا پھل کہہ کر بہت سراہا گیا ہے۔ ہندو دیو مالا میں بیان کیا گیا ہے کہ جب بھگوان شیو اور پاربتی ہمالیہ سے آئے تو وہ اس پھول سے محروم ہوگئے۔ پاربتی کو آم بہت پسند تھے۔اس نے اپنے خاوند شیو سے درخواست کی کہ وہ اپنی خدائی طاقت سے آم کا پیڑ پیدا کرے۔شیو نے پاربتی کی خواہش پوری کرتے ہوئے آم کا پیڑ تخلیق کیا اور یہ پھل پورے ہندوستان میں پھیل گیا۔سکندر اعظم اور اس کے سپاہی پہلے یورپی تھے جنہو ں نے 327 قبل مسیح میں آم کا پھل دیکھا۔ پانچویں صدی قبل مسیح میں ہندوستانی اسے ملیشیاء اور مشرقی ملکوں میں لے کے گئے جبکہ مشرقی افریقہ کے ساحل میں یہ ایرانیوں کے توسط سے دسویں صدی عیسوی میں پہنچا۔موجودہ زمانے میں آم ہندوستان کے علاوہ چین، بنگلہ دیش، پاکستان، ہیٹی، میکسیکو اور برازیل میں خوب پھل پھول رہا ہے صرف برصغیر میں آم کی 500 اقسام پائی جاتی ہیں جن میں سے صرف 35 زیادہ اگائی جاتی ہیں۔

غذائی صلاحیت:۔ پکنے کے مختلف مراحل میں بطور غذا استعمال ہوتا ہے۔ کچے اور سبز آم میں سٹارچ کی وافر مقدار پائی جاتی ہے۔آم کے پک جانے پر یہ بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ پکے آم میں سٹارچ گلوکوز، سرکوز اور مالٹوز میں بدل جاتی ہے۔سبز آم میں پیکٹن بہت زیادہ ہوتی ہے۔ جب آم کی گٹھلی بن جاتی ہے تو پیکٹن غائب ہو جاتی ہے۔ کچے آم کا ذائقہ اوگز الیک ایسڈ، سٹرک ایسڈ، میلک ایسڈ اور سینک ایسڈ کی وجہ سے بہت زیادہ ترش ہوتا ہے۔

آم کے 100 گرام خوردنی حصہ میں 81.0 فیصد رطوبت، 0.6 فیصد پروٹین، 0.4 فیصد چکنائی، 0.4 فیصد معدنی اجزاء، 0.7 فیصد ریشے اور 16.9 فیصد کاربوہیڈریٹس پائے جاتے ہیں۔آم کے معدنی اور حیاتینی اجزاء میں کیلشیم 14 ملی گرام، فاسفورس 16 ملی گرام، آئرن 1.3 ملی گرام، وٹامن سی 16 ملی گرام اور قدرے وٹامن بی کمپلیکس شامل ہیں۔آم کے 100 گرام کی غذائی صلاحیت 74 کیلوریز ہے۔ کچے آم میں وٹامن سی کا وافر ذخیرہ ہوتا ہے۔جبکہ آدھے پکے ہوئے اور پورے پکے ہوئے آم کی نسبت وٹامن سی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔اس میں وٹامن بی 1، بی 2 اور نایا سین بھی پائی جاتی ہے۔ان وٹامنز کی مقدار مختلف اقسام میں مختلف اور پکنے کے مرحلے اور ماحول کے مطابق ہوتی ہے۔ پکا ہوا آم مکمل غذا اور صحت بخش پھل ہے۔اس کا سب سے بڑا غذائی جزو چینی ہے۔ پکے ہوئے آم میں پائے جانے والے ایسڈز میں ٹارٹرک ایسڈ، میلک ایسڈ اور سٹرک ایسڈ شامل ہیں۔ یہ ایسے ترشے ہیں جنہیں جسم خوب استعمال کرتا ہے اور یہ جسم میں الکلی کے ذخیرے کو برقرار رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔

شفاء بخش قوت اور طبی استعمال:۔آم خواہ پختہ ہو یا کچا ہر دو صورتوں میں بھی بھرپور طبی افادیت کا حامل ہوتا ہے۔ کچا آم ترش ہوتا ہے قبض کرتا ہے اور دفع سکروی ہوتا ہے۔ کچے آم کا چھلکا بھی قابض ہونے کے ساتھ ساتھ مقوی ہوتا ہے۔آم کے درخت کی چھال قابض ہوتی ہے۔لیجی بافتوں کے لئے مسکن ہوتی ہے۔ کچے آم کا اچار پورے برصغیر ہندو پاک میں بہت مقبول اور مرغوب ہے۔غرباء تو اسی اچار سے سالن کا کام لے لیتے ہیں جبکہ امراء اس کو بطور چٹخارہ استعمال کرتے ہیں۔اچار بہت زیادہ کھٹا اور مصالحے دار ہونے کے ساتھ ساتھ تیل میں بہت زیادہ ڈوبا ہوا ہوتا نقصان دہ ہوسکتا ہے۔جن لوگوں کو جوڑوں کی سوزش اور درد رہتا ہو انہیں اچار

سے دور رہنا چاہئے۔اسی طرح گھنٹیا، ناک کی ہڈی کی سوزش، گلے کی خراش اور تیزابیت کی شکار مریضوں کو اچار سے مکمل پرہیز ضروری ہے۔ پختہ آدم دافع سکروی، پیشاب آور، ملین، مقوی اور وزن بڑھانے والا پھل ہے۔ دل کے پٹھوں کو مضبوط، رنگت کو صاف کرتا ہے۔ بھوک میں اضافہ کرتا ہے۔ آم کا استعمال بدن میں سات چیزوں کو بنانے میں مدد دیتا ہے۔ معدے کی ہضم کرنے والی رطوبت خون، گوشت، چربی، ہڈیوں کا گودا، مادہ منویہ وغیرہ۔ جگر کی خرابیوں، وزن کی کمی اور دیگر جسمانی بے قاعدگیوں کو بھی دور کرتا ہے۔

کچے آم کے فائدے: ۔نیم پختہ آدم دھوپ کی حدت اور گرم ہوا (لُو) کے اثرات کو کم کر کے ختم کرتا ہے۔ کچے پکے آم کو گرم راکھ میں پکا کر اس کے گودے کو پانی اور چینی میں ڈال کر ایک مشروب تیار کر لیا جاتا ہے۔ اس مشروب کے پیتے رہنے سے ہیٹ سٹروک (لُو لگنا) کے برے اثرات دور ہو جاتے ہیں۔ کچے آم کو نمک لگا کر کھانے سے پیاس کی شدت ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے استعمال سے گرمیوں میں اضافی پسینے سے سوڈیم کلورائیڈ کی کمی دور ہو جاتی ہے۔ کچے (نیم پختہ) سبز آم معدے اور انتڑیوں کے علاج میں بہت فائدہ پہنچاتے ہیں۔ ایک دو ایسے کچے آم جن کی گٹھلی ابھی پوری طرح نہ بنی ہو نمک اور شہد کے ساتھ کھانے سے گرمی کے اسہال، پیچش، بوالیسر، صبح کے اضمحلال، پرانی بدہضمی، فساد ہضم اور قبض کا شافعی علاج ہے۔ **صفراوی بیماریوں** میں کچے آم عمدہ علاج بالغذا ہیں۔ کیونکہ ان میں پائے جانے والے ایسڈز صفرا کا اخراج بڑھا دیتے ہیں اور انتڑیوں کے لئے جراثیم مادے کا کردار ادا کرتے ہیں۔ کچے آم روزانہ شہد اور کالی مرچ کے ساتھ کھانے سے صفرا سے نجات مل جاتی ہے۔ بیکٹیریا کی وجہ سے پروٹین کے جزو بدن نہ بننے کی کیفیت، یرقان اور چھپاکی میں بھی موثر ثابت ہوتا ہے۔ کچے آم کا مذکورہ استعمال جگر کو تقویت دیتا ہے اور صحت مند رکھتا ہے۔ کچے سبز آم وٹامن سی کی وافر مقدار کی وجہ سے خون کے امراض کا بھی کارگر علاج ہے۔ اس کے استعمال سے خون کی نالیوں کی لچک میں اضافہ ہوتا ہے۔ خون کے نئے خلیے بنانے میں معاونت کرتا ہے اور غذائی فولاد (فوڈ آئرن) کا انجذاب بڑھ جاتا ہے اور خون کا اخراج رک جاتا ہے۔ کچا آم تپ دق، انیمیا، ہیضہ اور پیچش کے خلاف جسم میں مزاحمت بڑھ جاتا ہے۔ کچے آموں کو سکھا کر بنائی جانے والی امچور کے 15 گرام میں اتنا سٹرک ایسڈ ہوتا ہے۔ جتنا 30 گرام لیموں میں پایا جاتا ہے۔ اسی لئے سکروہ (وٹامن سی کی کمی) کے مرض میں امچور کا استعمال بہت موثر رہتا ہے۔

پختہ آم کے طبی فوائد: ۔آنکھوں کے امراض جیسے شب کوری (رات کو نظر نہ آنا) یا کم روشنی میں یہ نہ دیکھ سکنا۔ جیسی امراض میں پختہ (پکا ہوا) آم بہترین علاج ہے۔ کیونکہ ان امراض کی وجہ سے وٹامن اے کی کمی ہوتی ہے اور یہ امراض غریب ماں باپ کے بچوں میں غذائیت کی کمی کے باعث بہت عام ہے۔ آموں کے موسم میں زیادہ سے زیادہ آم کھاتے رہنے سے اس مرض کے تدارک میں معاون رہتا ہے۔ امراض چشم کی کئی دوسری حالتوں میں بھی آم کھانا مفید ہے۔ یہ ایسے مرض ہیں کہ ان کا انجام اندھے پن کی طرف لے جاتا ہے۔ آنکھوں کا بھینگا پن، آنکھوں کی خشکی، قرنیہ کی نرمی اور آشوب چشم کے امراض کو بڑھنے نہیں دیتا۔ آم کے موسم میں اس کا آزادانہ استعمال بافتوں کی اس کمزوری کو دور کرتا ہے جس کی وجہ سے بیکٹیریا یا جسم میں داخل ہوتے ہیں جس کے بعد متواتر انفیکشن جیسے نزلہ، زکام، ناک کے استرا کی سوزش رونما نہیں ہوتی۔ اس تحفظ کی وجہ آم میں پائی جانے والی وٹامن اے کی وافر مقدار ہوتی ہے۔ وزن کی کمی کی صورت میں آم اور دودھ استعمال کرنا مثالی علاج ہے۔ وزن بڑھانے کیلئے پختہ اور میٹھے آم استعمال کرنا ضروری ہے۔ دن میں تین بار آم کو دودھ کے ساتھ لیتے رہنے سے وزن میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ آم پہلے کھائیں اور اوپر سے دودھ پئیں چونکہ آم میں شکر کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اس لئے دودھ میں چینی ملانا ضروری نہیں ہوتا۔ البتہ آم میں شکر ہوتی ہے، پروٹین نہیں ہوتی جبکہ دودھ میں پروٹین ہوتی ہے، شکر نہیں ہوتی۔ اس طرح ان دونوں کا امتزاج ایک دوسرے کی کمی کو دور کرتا ہے۔ آم اور دودھ پر مشتمل غذا کم از کم ایک ماہ تک استعمال کرتے رہنے سے صحت بہتر بن جاتی ہے۔ وزن میں اضافہ ہوتا ہے۔ اگر وزن میں تیزی سے اضافہ کرنا مقصود ہو تو روزانہ چار پانچ لٹر دودھ اور تین چار کلو گرام آم استعمال کرنا چاہئیں۔ جب یہ غذا استعمال کریں تو کوئی دوسری غذا استعمال نہیں کرنی چاہئے۔ آم کے نوخیز پتے ذیابیطس کے مرض میں مفید خیال کئے جاتے ہیں۔ تازہ پتوں کو رات بھر پانی میں بھگو رکھنے کے بعد صبح کے وقت پتوں کو نچوڑ کر نکال دیں۔ پانی کو چھان کر بطور شربت پی لیں۔ روزانہ یہ مشروب پیتے رہنے سے ذیابیطس کے مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ تازہ پتوں کو سائے میں سکھا کر سفوف بنا کر محفوظ کر لیں اور دن میں دو بار بقدر نصف چائے کا چمچہ پانی کے ساتھ استعمال کرنے سے بھی ذیابیطس کے مرض میں نافع ہے۔ آم کے موسم میں آموں کی گٹھلیاں جمع کر کے سائے میں خشک کر کے سفوف بنا لیں اسہال کے مریض کو ڈیڑھ دو گرام سفوف شہد کے ساتھ یا بغیر شہد کے استعمال کرنے سے اسہال ختم ہو جاتے ہیں۔ آم کے تازہ پھولوں کا رس (جوس) دہی کے

ساتھ ایک یا دو چمچے استعمال کرنا بھی اسہال میں مفید رہتا ہے۔
آم کی گٹھلی عورتوں کے اعضائے تولید سے تعلق رکھنے والی کئی ہی بیماریوں کا موثر علاج ہے۔ ہندوستان کے نامور ڈاکٹر امان اللہ کہتے ہیں کہ آم کی گٹھلی کی سخت جلد الگ کر کے اندر حاصل ہونے والی گری کا پیسٹ ایک چمچہ بھر اندام نہانی کے اندر لگانے سے لیکوریا، شرم گاہ کی سوزش کا کامیاب علاج ہے۔ نیز زیادہ زچگیوں سے متاثر فرج کی دیواریں بھی معمول پر آجاتی ہیں۔ اگر یہی پیسٹ ہمبستری سے آدھا گھنٹہ پہلے فرج میں لگا دی جائے تو کنوارے پن کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ پیسٹ مانع حمل بھی ہے۔
خون کی کثرت کو روکنے کے لئے تازہ آم کی چھال کا جوس حیض کے دوران استعمال کرنا مفید ہے۔ اس جوس کے استعمال سے لیکوریا، رحم سے خون رسنا، پیپ کا رسنا اور سفید سیال کا رسنا بند ہو جاتا ہے۔ یہ جوس انڈے کی سفیدی یا کسی بھی درخت کی گوند اور تھوڑی سی افیون کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ اس کے متبادل کے طور پر چھال سے کشید کیا گیا سیال 10 ملی لیٹر اور پانی 110 ملی لیٹر ملا کر گھنٹے دو گھنٹے کے بعد ایک جائے کا چمچہ پلاتے رہنا مفید ہے۔ آم کی چھال گلے کی بیماریوں اور خناق کے علاج میں بڑا اچھا اثر دکھاتی ہے۔ اس کا سیال بیرونی مالش اور غراروں کے لئے بھی استعمال کرنا مفید ہے۔ غراروں کے لئے 10 ملی لیٹر چھال کو 125 ملی لیٹر پانی میں ابال کر مشروب بنایا جاتا ہے۔ آم کے پھل کو شاخ سے توڑنے وقت شاخ سے جو رس نکلتا ہے اس کو بچھو کے ڈنگ پر لگایا جائے تو درد فوراً ختم ہو جاتا ہے۔ یہ رس کسی شیشے کی بوتل میں جمع کر کے رکھ لیا جائے تو ضرورت کے وقت کام آتا ہے۔ شہد کی مکھی کے ڈنک پر بھی یہی رس لگانا فائدہ مند ہے۔

احتیاط: ۔ کچے آم زیادہ مقدار میں استعمال کرنا نقصان دہ ہو سکتا ہے گلے کی خراش، بدہضمی، پیچش اور پیٹ کے قولنج کا سبب بن جاتا ہے۔ ایک دن صرف ایک یا دو کچے آم سے زیادہ نہیں کھانے چاہئیں۔ کچے آم کھانے کے فوراً بعد پانی نہیں پینا چاہئے۔ پانی پینے سے رس منجمد ہو جاتا ہے اور خراش کا باعث بن جاتا ہے۔ کچے آم کے پھل کو شاخ سے توڑنے پر دودھیا سیال رستا ہے۔ یہ سیال قابض ہونے کے ساتھ ساتھ خراش دار ہوتا ہے۔ اس لئے سبز آم کھانے سے پہلے یہ سیال نہ نکالنے سے منہ، گلے اور غذائی نالیوں میں خراش پیدا ہوتی ہو جاتی ہے۔ اس سیال رس کو آم چوسنے سے پہلے اچھی طرح دبا کر نکال دینا چاہئے۔ آم زیادہ استعمال کرنے سے کئی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں جیسے قبض، آنکھوں کی بیماریاں، فساد خون اور معیادی بخار وغیرہ زیادہ آم کھانے والے بچوں کو جلد کی بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں۔

لوح مزمل شریف

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔
حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہو گی۔
حضرت علی کرم اللہ وجہہ! 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔ اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔
حضرت بصری ؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہوا سے جس قدر حاسد ظالم جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہو جائیں گے۔
اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔ اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔ لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔
تمام الواح ماہر روحانیات وقت، خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ھدیہ / لوح 4200 روپے

تسبیح نگینہ اسم اعظم

کلی نگینہ کی مکمل تسبیح — العلی

ہدیہ تسبیح کلی نگینہ و اسم اعظم 7200 روپے

ہر شخص کا اسم اعظم خاص ہوتا ہے جو کہ وہ جاننا چاہتا ہے۔ اسم اعظم خاص کی برکت سے بیشمار مسائل حل ہوتے ہیں اگر کسی شخص کو اسم اعظم خاص معلوم ہو جائے تو وہ شخص انقلابی زندگی بسر کرتا ہے۔ اسی طرح ہر شخص کے مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے اس کا کلی نگینہ یا پتھر ہوتا ہے جس کے پہننے سے مثبت اثرات زندگی میں پیدا ہوتے ہیں ہر طرح کے مسائل اور حادثات پریشانیوں سے انسان محفوظ رہتا ہے نگینہ اور پتھر کا استعمال انبیاء کرام اور اہل بیت اطہار سے ہوتا آیا ہے۔ اگر کوئی شخص اپنا اسم اعظم کلی نگینہ کی تسبیح پر ورد کرے تو تصور کریں کہ اس سے زیادہ خوشحال اور کامیاب شخص دنیا میں کوئی اور ہو سکتا ہے۔ تسبیح کلی نگینہ و اسم اعظم کی برکات سے ہر وہ خوشی جو اب تک خواہش رہی ہو فوری مل جاتی ہے۔
اپنی تسبیح کلی نگینہ و اسم اعظم خاص ورد کے ساتھ منگوانے کیلئے ادارہ سے فوری رابطہ کریں یا ہدیہ منی آرڈر کریں۔

حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) اہم معاملات طے کرنا بہتر رہے گا۔ کسی عزیز دوست سے کاروباری معاملات طے کرسکیں گے۔ افسران بالا سے تعاون کرنے کی ضرورت ہوگی۔ جلد بازی نقصان دے سکتی ہے۔ مستقبل کے بنائے گئے پروگرام پر عمل درآمد کرسکیں گے یہ ہفتہ سفر اور دوسرے منصوبوں پر عمل کرنے کے لیے بہتر ثابت ہوگا۔ جائیداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ سفر کے مواقع مل سکیں گے۔ مثبت طریقہ سے کی گئی سرمایہ کاری سودمند ثابت ہوگی۔

(9 تا 16) بے روزگار افراد کو روزگار کے مواقع حاصل ہونگے۔ اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں شر پسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے بچیں آپ اپنی تعلیمی کمی کو پورا کرسکیں گے کسی بچھڑے ہوئے عزیز یا دوست سے خط و کتابت ہوگی۔ سیر و تفریح کے مواقع آئیں گے اس ہفتہ روپے پیسے اور لین دین کے معاملات توجہ طلب ہونگے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ اپنی کوئی دیرینہ خواہش پوری کرسکیں گے شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

(17 تا 25) سیارہ مریخ کو اوج 17 تا 19 اگست حاصل ہو رہا ہے جو کہ شرف کے بعد دوسری قوت ہے۔ آپ کی بہتر حکمت عملی کی بدولت دشمن منہ کی کھائیں گے روحانی اور جسمانی طور پر آپ طاقتور ہیں۔ الجھے ہوئے مسائل کو حل کرنے کیلئے یہ وقت بہترین ثابت ہوسکتا ہے۔ چھپے ہوئے دشمن ظاہر ہوجائینگے۔ اپنی کمزوریوں کو ختم کرنے کیلئے اپنے برج کے حاکم سیارہ کی لوح بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ تاکہ آپ ہر کام میں مضبوط ہوجائیں۔

(26 تا 31) اندرون ملک کوئی چھوٹا سفر پیش آنے کا امکان ہے۔ بزرگوں کے مشورے سے مسائل پر قابو پاسکیں گے غیر شادی شدہ حضرات کو بعض جگہوں پر ان کی بات چلے گی۔ اس ہفتہ آپ کو بعض گھریلو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا کاروباری، روپے پیسے کے اور گھریلو معاملات توجہ طلب ہونگے اس ہفتہ بے روزگار افراد ملازمت حاصل کرسکیں گے شراکت کے کاروبار میں منافع حاصل کرسکیں گے۔ اس ہفتہ خوشخبری سن سکیں گے۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) اس ہفتہ کی تبدیلیوں کو مدنظر رکھیں ان اوقات میں اگر کوئی تبدیلی ہوئی تو وہ غیر متوقع ہوگی اور طبع کے موافق نہ ہوگی۔ اس دوران سفر ہرگز نہ کریں کیونکہ حادثات کا اندیشہ ہوگا۔ تخلیقی اور آرٹسٹک دوستوں کی مدد اور تعاون سے آپ کی زندگی اور شخصیت کو فائدہ پہنچے گا۔ لیکن زیادہ عجیب و غریب عقیدہ اور خبطی قسم کے ملنے جلنے والے دھوکے باز ثابت ہونگے اگر دھوکے باز ثابت نہ ہونگے تو کم از کم ناقابل اعتبار ضرور ثابت ہونگے۔

(9 تا 16) ان ایام میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ نظر تسدیس قائم کر رہا ہے۔ جس کے تحت اپنے بگڑے ہوئے معاملات کی درستگی کیلئے بہتر اقدام کرسکتے ہیں ناراض دوستوں کو منانے کا یہ اچھا موقع ہے اگر کہیں رشتہ کا پیغام بھیجنا چاہیں تو مثبت جواب مل سکتا ہے۔ طبیعت میں محبت کا عنصر غالب رہیگا۔ دشمن سے صلح کرنے کا بہترین وقت ہے۔ والدین بچوں پر توجہ دیں تو انکو مرضی کے مطابق نتائج مل سکتے ہیں۔ پیار سے بات سمجھائیں اسی میں سب کی بہتری ہے۔

(17 تا 25) ان ایام میں آپ کو محتاط رہنا ہوگا کیونکہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ نظر تربیع قائم کر رہا ہے جو کہ نحس علامت ہے۔ شریک حیات یا محبوب سے تعلقات خراب ہوسکتے ہیں لہذا ان ایام میں آپ دوری اختیار کریں بہتر ہوگا ورنہ معاملات خرابی کی جانب نکل سکتے ہیں۔ چند دوست نما دشمن آپ کے گرد سازشوں کا جال بُن رہے ہیں۔ محتاط رہیں عزیز و اقارب سے بھی کسی بات پر تلخی ہوسکتی ہے۔ البتہ کاروبار میں فریب کا بھی امکان ہے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ سفر نہ کریں خاص طور پر سمندری سفر یہ ہفتہ مالی معاملات کے لیے بہتر ہوگا۔ ایسے کام مفید ثابت ہونگے جن میں الگ تھلگ رہ کر کام کرنا پڑے تخلیقی میدان میں صلاحیت پیدا ہوگی۔ خفیہ طور پر محبت میں گرفتار ہوجائیں گے مگر نہایت پراسرار انداز میں خفیہ دشمنی پیدا ہوگی جس کی وجہ سے لوگ آپ سے بدظن ہوجائیں گے لہذا احتیاط انداز اختیار کرنا ہوگا۔ ان دنوں آپ کی وجدانی قوتوں پر زبردست دباؤ ڈالیں گے۔

جوزا

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

(یکم تا 8) اس ہفتہ ترکہ وراثتی جائیداد ملنے کا امکان ہے یا کسی قسم کی قانونی ادائیگی ہونے والی ہے ہفتہ کے ختم ہونے سے پہلے چند اچھی خبریں مل سکتی ہیں۔ جس سے کام اور کیریئر کے معاملات میں مثبت اور ترقی پذیر رجحان کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ وقت کام کا زائد دباؤ لائے گا اس وقت صحت اچھی ہو گی۔ زائد ذمہ داریوں کو بآسانی پورا کر سکیں گے کام کی طرف بھرپور توجہ دینے خاص مقاصد کو بھرپور طریقے پر آگے بڑھانے کیلئے بہترین وقت ہے۔

(9 تا 16) جیسا کہ آپکو معلوم ہے کہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ بہتر دور سے گزر رہا ہے اس دوران سعد سیارہ سے نظر تسدیس جو کہ اس ہفتہ قائم ہو رہی ہے آپ کیلئے مبارک ثابت ہوگی۔ شادی شدہ افراد اپنی ازدواجی زندگی بہتر بنا سکتے ہیں شریک حیات سے تعاون کریں۔ رومانوی ماحول میسر آئیگا۔ محبوب سے اپنی فرمائش پوری کروانے کا بہترین وقت ہے۔ اتنی لمبی ناراضگی اچھی نہیں جلد مان جانے میں بہتری ہے۔ اپنے برج کے مطابق صدقہ دیں۔

(17 تا 25) موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس کوشش کا آغاز موافق ثابت ہوگا۔ کئی نئی تعلیمی یا تربیتی اسکیم میں حصہ لینے کیلئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا اگر کسی کام کیلئے مزدوروں، پلمبروں، الیکٹریشن یا آرائش کرنے والوں کی خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں یہ وقت جلد اور بہتر طریقے سے کام کی تکمیل لائے گا۔ ان معاملات سے متعلقہ مشتری اس گھر میں موجود ہے تمام سال کا عرصہ وہ یہیں گزارے گا۔ یہی چیز دیرپا فوائد لائیگی۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کام کے معاملات میں زیادہ استحکام اور استواری پیدا ہو جائے گی۔ اب زحل کی قوت نمایاں ہو جائے گی اور باقی تمام ہفتہ کام اور روزگار متعلقہ معاملات میں بے ضابطگی رہے کام کے معاملات میں زیادہ استحکام اور استواری پیدا ہو جائے گی اب زحل کی قوت نمایاں ہو جائے گی اور باقی تمام ہفتہ کام اور روزگار متعلقہ معاملات میں بیضابطگی رہے گی۔ کام اور روزگار کے گھر میں زحل باقوت اثرات ظاہر کر رہا ہوگا۔ لکی عدد 64 ہے۔

سرطان

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

(یکم تا 8) یہ ہفتہ آپ کیلئے ناقص ہو سکتا ہے کیونکہ آپ کے برج کا حاکم قمر حالت گرہن میں ہوگا یہ ایسا وقت ہے کہ جب کسی بھی لین دین سفر میں احتیاط کرنا ہوگی۔ کم تر لوگ نقصان پہچانے کی کوشش کریں گے ضروری ہے کہ نچلے درجہ کے لوگوں سے محتاط رہا جائے سازشیں مزید بڑھ جائینگی۔ آپ کے گرد گھیرا تنگ ہوتا جائیگا قبل از وقت محتاط رویہ اختیار کریں اس ہفتہ خصوصی طور سے صدقہ دیں تاکہ گرہن کے ناقص اور نحس اثرات سے محفوظ رہا جا سکے۔

(9 تا 16) ان ایام میں قریبی عزیز آپ کیلئے پریشانیاں کھڑی کر رہے ہیں خصوصاً وہ افراد جن سے آپ کا خونی رشتہ ہے آپ کو خوشحال نہیں دیکھنا چاہتے ہیں اس ماہ خلاف توقع کوئی رقم ملنے کی امید ہے۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ سرمایہ کاری میں لگے ہوئے روپے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ کاروباری امور کی بہتری کیلئے ان ایام میں کوشش کر سکتے ہیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ بزرگوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں آپ کا ایک غریب دوست آپ کی مدد کا متمنی ہے وہ آپ سے کئی امیدیں لگائے بیٹھا ہے کام کی زیادتی کے ساتھ آرام بھی ضروری ہے بہتر ہے کہ کسی اچھے ڈاکٹر سے اپنا مکمل چیک اپ کروائیں۔ یہ ایام مختلف امراض کی جانب اشارہ دے رہے ہیں۔ موسم کے مطابق لباس استعمال کریں۔ رہائش کی تبدیلی کا پروگرام فی الوقت ملتوی کر دیں۔ طبیعت میں بے چینی اور اکتاہٹ کا عنصر غالب رہیگا۔

(26 تا 31) اس ہفتہ شراکتی امور میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے اس ماہ بڑی عمر کے لوگوں سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ 26 تا 29 قمر درعقرب کی وجہ سے آپ کی رقم ضائع ہو سکتی ہے اس دوران قیمتی اشیاء کی چوری کا بھی خدشہ ہے۔ بظاہر اپنے ہمدرد پر بھی اعتبار نہ کریں اگر آپ نقصان سے بچنا چاہتے ہیں تو کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ عزیز و اقارب سے کسی بارے میں بھی جھگڑا مول نہ لیں۔ بیماری کا بھی خطرہ ہے نگہبانی طور پر بلڈ پریشر کی شکایت بھی ہو سکتی ہے۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس

حروف۔ م۔ پتھر، ہیرا، لہسنیا۔ مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔ موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مُھَیمِنُ 115 بار۔ یا متکبرُ 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) ایسے اسدی افراد جو کہ عارضہ قلب وجگر میں مبتلا ہیں اپنے مرض کا باقاعدہ علاج کروائیں۔ بہتر یہ ہے کہ آنے والے مسائل کا پہلے ہی سے جائزہ لے لیا جائے تاکہ ان کا مناسب طور سامنا جا سکے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔ دوسرے جو کہتے ہیں اس پر نکتہ چینی نہ کریں بلکہ انہیں دھیان سے سنیں آپ جس قدر زیادہ سنیں گے اتنا ہی آپ کیلئے فائدہ ہے۔ بڑوں کی بات ماننے میں خیر خواہی ہے۔

(9 تا 16) یہ ہفتہ آپ کو کاروباری نقصان سے دوچار کر سکتا ہے۔ حوصلہ بلند رکھیں اپنے برج کے مطابق صدقہ دیں اور اسم الٰہی کا ورد جاری رکھیں یقیناً اس مشکل وقت سے باہر نکل آئیں گے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کا ذہن اسے تسلیم کرتا ہے یا نہیں اس ہفتہ شمس تسدیس مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت کاروبار میں ترقی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ اپنے کاروبار کا ترقی دینے کیلئے آپ جو بھی طریقہ اپنائیں گے کامیابی ہوگی۔

(17 تا 25) میں عزت، دولت اور شہرت کا سیارہ شمس جو کہ آپ کے برج کا حاکم بھی ہے اپنے طبعی برج یعنی اسد میں گرہن یافتہ ہو رہا ہے اس ہفتہ یہ سیارہ اپنی سعد قوتیں کھو دے گا گرہن کے وقت انتہائی ناقص اور کمزور ہو جائیگا۔ اس ہفتہ بہت محتاط رہنے کی ضرورت ہے کاروباری لین دین قیمتی اشیاء کی خریداری نئے کاروبار کی ابتداء یا قرض لینے یا دینے کیلئے یا انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے یہ ہفتہ مناسب نہ ہے۔ اپنے کام کو ایک مناسب ترتیب سے جاری رکھیے۔

(26 تا 31) اپنے دوستوں اور شریک کار ساتھیوں کو بتائیے کہ آپ کیا چاہتے ہیں لیکن ان کے ساتھ متفق رہ کر۔ اگر وہ آسانی سے رضامند نہیں ہوتے تو ان کو مجبور مت کیجیے۔ فطری رجحانات کے عین مطابق میسر آنے والے ہر سنہرے موقع سے حسب منشا فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے اگر دوسرے لوگ آپ سے پہلے چل پڑے ہیں تو ان کے ساتھ قدم ملا کر چلنے ہی میں آپ کی بہتری ہے۔ شاندار منصوبہ، عدم دلچسپی یا فوری اقدام کے بغیر بے سود ثابت ہو سکتا ہے۔

برج سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر، سیارہ عطارد

حروف۔ غ، پ۔ پتھر، زمرد، فیروزہ۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، پیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا عزیزُ 41 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,9,3
نحس تاریخ 23,20,16
لکی نمبرز 96,75,82,46

سنبلہ

(یکم تا 8) آپ کے برج کا دوست سیارہ حالت نحس میں ہے نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ جادو کے اثرات تیزی سے اثر کر سکتے ہیں۔ ان اثرات سے بچنے کیلئے روحانی بزرگ سے ملاقات ضروری ہے تاکہ آنے والے خدشات کو دور کیا جا سکے۔ مخالفین سے محتاط رہنے کی سخت ضرورت ہے غفلت میں نقصان دینے کی کوشش کرینگے خفیہ حفاظتی امور کی انجام دہی میں راز کا اخفاء لازمی ہوگا۔ ورنہ مالی نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔

